www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | بدھ/08 اپریل 2026ء بمطابق 19 شوال 1447ھ | شمارہ 253 | قیمت 10 روپے

وزیراعظم نے ایف بی آر کی منی بجٹ لانے کی تجویز مسترد کردی

وزیراعظم نے ایف بی آر کو مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورت حال کے باعث بجٹ تجاویز میں مفصل مشاورت کا حکم دیا ہے، ذرائع

تیل کی قیمتوں سے عوام پریشان ہے مزید ٹیکس لگانے کے بجائے ریونیو بڑھانے کے متبادل ذرائع تلاش کیے جائیں، وزیراعظم

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیراعظم شہباز شریف نے نئے بجٹ سے قبل منی بجٹ لانے کی تجاویز مسترد کردیں اور ایف بی آر پر واضح کیا ہے کہ تیل کی قیمتوں سے عوام پریشان ہے اس لیے مزید ٹیکس لگانے یا منی بجٹ لانے کا مت سوچیں اور ریونیو بڑھانے کے متبادل ذرائع تلاش کیے جائیں۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا ہے کہ مشرق وسطیٰ کی کشیدگی کے باعث ٹیکس آمدن بڑھانے سے متعلق ہونے والے اہم اجلاس میں ایف بی آر کی جانب سے وزیراعظم میاں شہباز شریف کو مختلف ٹیکس تجاویز پیش کی گئیں جنہیں وزیراعظم نے مسترد کردیا۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق وزیراعظم کا کہنا تھا کہ تیل کی قیمتوں سے عوام پریشان ہے اس لیے مزید ٹیکس لگانے یا منی بجٹ لانے کا مت سوچیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے ایف بی آر کو مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورت حال کے باعث بجٹ تجاویز میں مفصل مشاورت کا حکم دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کو مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورت حال کے پیش نظر اہداف پر نظر ثانی کے لیے راضی کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے اور آئندہ مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ کی ترجیحات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

سعودیہ پر حملے قابلِ مذمت

ایران تنازع کے حل کی مخلصانہ کوششوں کو نقصان پہنچا رہا ہے

کور کمانڈرز کانفرنس

حکومت، مسلح افواج، عوام کے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ذریعے پاکستان اپنی سکیورٹی کے حوالے سے کامیابیوں کو مزید مستحکم، معاشی استحکام کو مضبوط اور علاقائی و عالمی سطح پر اپنی حیثیت کو بہتر بنانے میں گامزن ہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان کی مسلح افواج کی غیر متزلزل پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل کارکردگی، دفاع وطن کیلئے پائیدار انٹیلی جنس کی بنیاد پر انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے ثابت قدمی کو سراہا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) کور کمانڈرز کانفرنس میں کہا گیا ہے کہ سعودیہ پر حملے قابل مذمت ہیں، ایران تنازع کے حل کی مخلصانہ کوششوں کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل چیف آف ڈیفنس فورسز سید عاصم منیر کی زیرصدارت 274 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل اور چیف آف ڈیفنس فورسز نے پاکستان کی مسلح افواج کی غیر متزلزل پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل کارکردگی، دفاع وطن کے لئے پائیدار انٹیلی جنس کی بنیاد پر انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے ثابت قدمی کو سراہا۔ کور کمانڈر کانفرنس میں کہا گیا کہ سعودی عرب پر حملے ایک غیر ضروری کشیدگی ہے جب کہ شرکا نے سعودی پر پیٹروکیمیکل اور صنعتی کمپلیکس حملے کی شدید مذمت کی۔ فورم میں کہا گیا تھا ایران کے سعودی عرب پر حملے تنازع کے حل کی مخلصانہ کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں، سعودی عرب نے اب تک جس تحمل کا مظاہرہ کیا اس سے ثالثی اور سفارتی حل کی راہ ہموار ہوئی، بلا جواز جارحیت جاری پرامن کوششوں اور سازگار ماحول کو سنگین طریقے سے متاثر کرتی ہے۔ فورم نے مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادر وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

وزیراعظم اور سعودی ولی عہد رابطہ، سفارتی کاوشوں سے آگاہ کیا

وزیراعظم نے سعودی عرب کیساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی اور مکمل حمایت کا اعادہ کیا

شہباز شریف نے موجودہ کشیدگی کے دوران سعودی قیادت کے دانشمندی کے مظاہرے کو سراہا

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی عرب کے ولی عہد کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ پی ایم ہاؤس کے اعلامیے کے مطابق محمد شہباز شریف نے دوپہر مملکت سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

اسلام آباد: صدر مملکت آصف زرداری سے گورنر گلگت بلتستان ملاقات کر رہے ہیں

فضل الرحمن

اسلامی ممالک کو ایک بلاک کی تشکیل کی طرف جانا ہوگا

ہم ان حملوں کو سعودی عرب کی خودمختاری اور سالمیت کی سنگین خلاف ورزی سمجھتے ہیں، جمعیت علما اسلام کے اجلاس سے خطاب

سعودی عرب پر حالیہ حملے مسلم امہ کو آپس میں دست وگریباں کرنیکا امریکی و اسرائیلی منصوبہ ہے، مولانا فضل الرحمان

ہم نے روز اول سے امریکی پشت پناہی میں اسرائیل کی فلسطینیوں کے خلاف جارحیت کی مخالفت کی، یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا

ہم قیمتی جانوں کے ضیاع پر سعودی قیادت، عوام اور متاثرہ خاندانوں سے اظہار تعزیت کرتے ہیں، سربراہ جے یو آئی (ف)

اسلام آباد(ویب ڈیسک) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حالیہ حملے مسلم امہ کو آپس میں دست وگریباں کرنے کا امریکی و اسرائیلی منصوبہ ہے۔ جمعیت علما اسلام کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ ہم ان حملوں کو سعودی عرب کی خودمختاری اور سالمیت کی سنگین خلاف ورزی سمجھتے ہیں، ہم قیمتی جانوں کے ضیاع پر سعودی قیادت، عوام اور متاثرہ خاندانوں سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ ہم نے روز اول سے امریکی پشت پناہی میں اسرائیل کی فلسطینیوں کے خلاف جارحیت کی مخالفت کی، ہم نے اسرائیل کی عرب دنیا اور ایران تک توسیع پسندانہ عزائم کی بھرپور مخالفت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم بار بار نشاندہی کر رہے ہیں کہ اسلامی ممالک کو آپس میں تحمل اور برداشت کا مظاہرہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

پاکستان کی مشرقی سعودی عرب میں ڈرون حملوں کی شدید مذمت

پاکستان سعودی عرب کی سلامتی و دفاع کیلئے غیر متزلزل حمایت کا اعلان کرتا ہے

پاکستان سعودی عرب کے عوام اور حکومت سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان نے مشرقی سعودی عرب میں ڈرون حملوں کی شدید مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ حملے سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہیں، پاکستان حملوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتا ہے۔ دفتر.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک کروڑ 40 لاکھ ایرانی جانیں قربان کرنے کیلئے تیار ہیں، مسعود پزشکیان

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ ایک کروڑ 40 لاکھ سے زائد قابل فخر ایرانی وطن کے دفاع میں رضاکارانہ طور پر جانیں قربان کرنے کے لیے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

حرمین شریفین کی حفاظت کے معاہدے پر فخر ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ ہمیں حکومت نے آج تک نہیں بتایا کہ سعودی عرب کے ساتھ کیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

ایران نے امریکا سے جنگ بندی مذاکرات روک دیئے، امریکی اخبار

ایران نے ٹرمپ کی دھمکی کے بعد امریکا کے ساتھ براہ راست رابطے معطل کیے

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے امریکا سے مذاکرات روک دیے اور جنگ بندی بات چیت سے بھی انکار کردیا۔ امریکی اخبار کے مطابق ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان کو فیصلے سے آگاہ کردیا گیا ہے۔ تین سینئر ایرانی عہدیداروں نے امریکی اخبار سے گفتگو کی اور کہا کہ ایران نے پاکستان کو آگاہ کیا ہے کہ وہ جنگ بندی کی بات چیت میں مزید شامل نہیں ہوگا۔ امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ ایران نے ٹرمپ کی دھمکی کے بعد امریکا کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

شرجیل میمن

کوشش ہے عام آدمی پر کم سے کم بوجھ پڑے

موجودہ جنگی صورتحال پورے خطے میں ہے، وفاقی حکومت کو مجبوری میں پٹرول کی قیمت بڑھانی پڑی جس سے عوام پر بوجھ پڑا ہے

حکومت سندھ نے عوام کے ریلیف کیلئے 35 ارب روپے کا پیکج دیا ہے، تاجروں کو ناراض کرکے کوئی فیصلہ نہیں کریں گے

سندھ میں ٹرانسپورٹرز کو سبسڈی دی جارہی ہے، یہ واحد صوبہ ہے جو پرائیویٹ بسوں میں بھی سبسڈی دے رہا ہے، سینئر وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کوشش ہے کہ مشکل حالات میں عام آدمی پر کم سے کم بوجھ پڑے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شرجیل میمن نے کہا کہ موجودہ جنگی صورتحال پورے خطے میں ہے، وفاقی حکومت کو مجبوری میں پٹرول کی قیمت بڑھانی پڑی جس سے عوام پر بوجھ پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ نے عوام .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

بانی کو مائنس کرنیکی ہر صورت مزاحمت کرنی ہے، محمود اچکزئی

کسی بھی سیاسی شخصیت کو مائنس کرنے کا تجربہ بربادی کا باعث بنا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے بانی پی ٹی آئی کو مائنس نہ ہونے دینے کا اعلان کردیا اور کہا کہ ہم کسی سازش کا حصہ نہیں بنیں گے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں محمود اچکزئی نے کہا کہ کسی بھی سیاسی شخصیت کو مائنس کرنے کا تجربہ بربادی کا باعث بنا ہے، بانی پی ٹی آئی کو مائنس کرنے کی ہر صورت میں مذمت اور مزاحمت کرنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہمارا تعاون ایسے حالات میں ہوا ہے، جب .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

وزیراعظم کا نیشنل ٹیرف کمیشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ

ادارے کی تنظیم نو، فعال کارکردگی، صنعتی فروغ اور سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے ناگزیر ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے نیشنل ٹیرف کمیشن کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزیراعظم کی زیرصدارت نیشنل ٹیرف کمیشن کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے اہم اجلاس ہوا، جس میں شہباز شریف نے کہا کہ ادارے کی تنظیم نو، فعال کارکردگی، صنعتی فروغ اور سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے تمام آپریشنل فنکشنز کی ڈیجیٹائزیشن، شفافیت، معیاری اصلاحات اور کیسز کو معینہ مدت میں نمٹانے کا حکم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

چین کی ایران جنگ بندی تجاویز سے متعلق پاکستانی کردار کی حمایت

مذاکراتی عمل کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے فعال کردار کو سراہتے ہیں

بیجنگ امن کے حصول میں مددگار تمام کوششوں کا خیرمقدم کرتا ہے، چینی دفتر خارجہ

بیجنگ (ویب ڈیسک) چین نے ایران جنگ بندی کی تجاویز کے متعلق پاکستانی کردار کی حمایت کر دی۔ چینی دفتر خارجہ کی ترجمان ماننگ نے کہا ہے کہ چین جنگ بندی کیلئے پاکستانی کردار کی حمایت کرتا ہے، امید ہے فریقین امن کا موقع ضائع نہیں کریں گے۔ ماننگ نے کہا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

وزیراعظم شہباز شریف سے جمہوریہ ترکیہ کی آئینی عدالت کے صدر قادر اوزقایا نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی

خوفناک آگ بھڑک اٹھی

ایران کا سعودی عرب میں پیٹروکیمیکل کمپلیکس پر حملہ

امریکا اور اسرائیل کے خاص طور پر ایران کے آسالویہ پیٹرول کیمیکل پلانٹس پر رات بھر ہونے والے متعدد دھماکوں کا جواب ہے

سعودی پیٹروکیمیکل کمپلیکس کو امریکا اور اسرائیل کے ایران کے پلانٹ پر حملے کے جواب میں نشانہ بنایا، پاسداران انقلاب

تہران (ویب ڈیسک) پاسداران انقلاب نے سعودی عرب کے پیٹروکیمیکل کمپلیکس کو نشانہ بنانے کی تصدیق کردی، ایران نے سعودی شہر جوبیل میں پیٹروکیمیکل کمپلیکس کو نشانہ بنایا ہے جس سے وہاں خوفناک آگ بھی بھڑک اٹھی تھی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران کی پاسداران انقلاب نے تصدیق کی ہے کہ سعودی عرب کے پیٹروکیمیکل کمپلیکس پر حملہ امریکی اور اسرائیلی حملوں کے جواب میں کیا گیا۔ پاسداران انقلاب کے بیان میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ سعودی پیٹروکیمیکل کمپلیکس کو میڈیم رینج میزائلز اور کئی خودکش ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے خاص طور پر ایران کے آسالویہ پیٹرول کیمیکل پلانٹس پر رات بھر ہونے والے متعدد دھماکوں کا جواب ہے۔ سعودیہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

امریکی دباؤ کے سامنے کسی قسم کی لچک نہیں دکھائینگے ایران

امریکا، اس کے شراکت داروں کے انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنائیں گے، امریکا اور اس کے اتحادی برسوں خطے کے تیل اور گیس سے محروم رہیں گے

امریکا نے اپنے تمام مفادات یہودیوں کے قدموں پر قربان کر دیے، امریکی رہنما نہیں جانتے کہ انکے کتنے بڑے اثاثے ہماری رینج میں ہیں

تہران (ویب ڈیسک) ایران کی پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ تحمل کا وقت ختم ہوگیا، امریکا سرخ لکیر عبور کرتا ہے تو ردعمل خطے سے باہر ہو گا۔ پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ امریکا، اس کے شراکت داروں کے انفرااسٹرکچر کو نشانہ بنائیں گے، امریکا اور اس کے اتحادی برسوں خطے کے تیل اور گیس سے محروم رہیں گے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ امریکا کے علاقائی شراکت داروں کو جان لینا چاہیے کہ ہم نے ہمسائیگی کی خاطر تحمل کا مظاہرہ کیا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ امریکا کے احمق رہنماؤں نے اپنے تمام مفادات یہودیوں کے قدموں پر قربان کر دیے، امریکی رہنما نہیں جانتے کہ ان کے کتنے بڑے اثاثے ہماری رینج میں ہیں۔ دوسری جانب ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ اس وقت تک 1 .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

حافظ نعیم الرحمٰن کی ایرانی سفیر سے ملاقات، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد(ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے ایرانی سفیر سے انکے دفتر میں ملاقات کی، جس میں خطے کی مجموعی صورتحال اور ایران پر جاری جنگ کے تناظر میں اہم امور پر تبادلہ خیال کیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

وزیراعظم شہباز شریف سے چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کی ملاقات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے خطے میں کشیدگی اور موجودہ معاشی دباؤ اور چیلنجز کے باوجود وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں کی فلاح و بہبود .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

گوجرانوالہ میں جی ٹی روڈ پر مسافر بارش کے دوران سفر کر رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ
ABC Certified
پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
📠 021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بچت اقدامات کا جائزہ اجلاس، آئی ایم ایف کی نئی شرائط

پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین، بچت اور کفایت شعاری کے اقدامات کے لیے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے متعلقہ وزارتوں کو صوبوں کے ساتھ مشاورت کے بعد حتمی تجاویز پیش کرنے اور پٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ اور غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کی۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ تین ہفتوں میں وفاقی حکومت نے کم آمدنی والے طبقے کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے۔ آئندہ بھی غریب طبقے کے ریلیف کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔ تیل کی قیمتوں کو بڑھنے سے روکنے کے لیے وفاقی حکومت نے ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی کی۔ کفایت شعاری اور بچت کے مختلف اقدامات کے ذریعے عوام کو 129 ارب روپے کا ریلیف دیا۔ دوسری جانب، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا مطالبہ کر دیا ہے جس کے بعد پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم مزید مہنگے ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے حکومت کو نئے مطالبات کی فہرست فراہم کی گئی ہے جس میں اگلے مالی سال ٹیکس ہدف میں 16 سو ارب روپے سے زائد اضافے کی تجویز دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں، آئی ایم ایف نے چھوٹے کاروبار اور تاجروں پر اثاثوں کی بنیاد پر ٹیکس لگانے اور نئے بجٹ میں ٹیکس ہدف 15 ہزار 600 ارب روپے سے زائد رکھنے کی تجویز دی۔ یہ صورتحال ایک ایسی تصویر پیش کرتی ہے جس میں ایک طرف ریلیف کے اعلانات ہیں اور دوسری طرف مہنگائی کا نہ تھمنے والا سیلاب۔ 129 ارب روپے کا ریلیف سننے میں بڑا لگتا ہے، لیکن جب اسے پاکستان کی 24 کروڑ سے زائد آبادی پر تقسیم کیا جائے تو فی کس رقم انتہائی معمولی بنتی ہے۔ دوسری طرف، گزشتہ چند برسوں میں بجلی کے نرخوں میں تین سو فیصد سے زائد اضافہ ہو چکا ہے، گیس کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور اشیائے ضروریہ عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ ایسے میں حکومت کا ریلیف کا بیانیہ عوام کو مطمئن کرنے میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ بجٹ سے قبل آئی ایم ایف کا پٹرولیم مصنوعات اور سولر سسٹم پر 18 فیصد جی ایس ٹی عائد کرنے کا مطالبہ محض ایک مالی سفارش نہیں بلکہ یہ حکومت پر عوام دشمن پالیسیاں اپنانے کے لیے واضح دباؤ ڈالنے کی کوشش ہے۔ پٹرولیم پر اضافی ٹیکس کا مطلب ہے ٹرانسپورٹ مہنگی، اشیائے خورد و نوش مہنگی اور پیداواری لاگت میں اضافہ، جس سے بالآخر عام آدمی کا معاشی بوجھ مزید بڑھ جائے گا۔ ہر بجٹ سے پہلے آئی ایم ایف کی شرائط کا سامنے آنا اور حکومت کا انہیں من و عن قبول کرتے چلے جانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ پاکستان کی اقتصادی پالیسی اسلام آباد میں نہیں، کہیں اور بنتی ہے۔ حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ ریلیف کے خوبصورت اعلانات کرنے سے پہلے زمینی حقائق دیکھیں۔ آئی ایم ایف کی شرائط پر آنکھیں بند کر کے عمل کرنے کی بجائے قومی مفاد میں مشاورت کریں۔ کفایت شعاری کا آغاز عوام سے نہیں، حکومتی اخراجات اور مراعات یافتہ طبقے سے ہونا چاہیے۔ جب تک حکمران خود سادگی نہیں اپناتے، عوام سے قربانی مانگنا منافقت ہے۔ اس صورتحال میں عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوتا جا رہا ہے اور ایسا محسوس ہو رہا ہے کہ تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق عنقریب وہ سڑکوں پر ہوں گے اور پھر حکومت سے معاملات سنبھالے نہیں جائیں گے، لہذا اب بھی وقت ہے کہ حکومت دعووں کی سیاست چھوڑے اور حقیقی عوامی ریلیف کی راہ اختیار کرے ورنہ تاریخ ان حکمرانوں کو معاف نہیں کرے گی جنھوں نے آئی ایم ایف کو خوش کرنے کی خاطر اپنے عوام کو مصائب کی دلدل میں دھکیل دیا۔

اکھنڈ بھارت، گریٹر اسرائیل کچی نیند کے خواب

امیر خان

حالیہ غیر منصفانہ ایران، اسرائیل (پشت پر امریکہ) جنگ میں دنیا کی امن پسند قوتوں، ترقی پذیر ممالک کو اپنی کمزور معیشت کو مضبوط بنانے کے عمل کو سست کر دیا ہے، حالیہ تنازعہ نے تمام عالمی نظاموں، و عالمی ادارے جو اربوں ڈالرز کے خرچ پر بنائے گئے تھے بے عمل کر دیا ہے، جو عالمی تنازعات کو حل کرنے میں ناکام ہو گئے ہیں اور اپنی حیثیت کھو چکے ہیں۔ چونکہ صرف میں کی پالیسی نے سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ دنیا میں امن پسند لوگ اور ترقی پذیر معیشتیں کس طرح اپنی کامیابی دیکھ سکیں گی؟۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی میں ہمیشہ سے ایک توازن پایا جاتا ہے، جہاں وہ بڑی طاقتوں کے ساتھ تعلقات بھی قائم رکھتا ہے اور مسلم دنیا سمیت دیگر خطوں میں بھی اپنی موجودگی کو برقرار رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب پاکستان کسی تنازعے کے حل کے لیے مذاکرات کی پیشکش کرتا ہے تو اسے سنجیدگی سے لیا جاتا ہے۔ ماضی کے کچھ ماہ میں پاکستان کی خارجہ پالیسی نے عالمی کانفرنسز میں پاکستان اور سنجیدہ اور فعال کردار ادا کیا ہے یہی وجہ ہے کہ حالیہ تنازعہ میں پاکستان اپنے قریب ترین امن پسند دوستوں سعودی عرب، ترکی، مصر، چین وغیرہ کے ساتھ مل کر حالیہ تنازعہ پر بھی بیٹھک کر رہا ہے تنازعات کے خاتمے کیلئے مذاکرات کا آغاز خود میں ایک بڑی کامیابی ہے۔ اکثر اوقات تنازعات اس مقام تک پہنچ جاتے ہیں جہاں فریقین بات چیت سے بھی گریز کرتے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کا کردار ایک پل کا کام کر رہا ہے شائد فریقین پر اثر و رسوخ رکھنے والے امن پسند ممالک دونوں متحارب فریقین کو ایک میز پر لانے میں مدد دے سکیں۔ پاکستان کو اسوقت کئی مقامات پر اہم ترین ملک کا درجہ حاصل ہوا ہے، مثلاً پاکستان کی جغرافیائی حیثیت، ایران کے ساتھ مشترکہ سرحد، بحر ہند تک رسائی اور وسطی ایشیا کے گیٹ وے کے طور پر پاکستان کا مقام اسے قدرتی طور پر ثالث بناتا ہے عالمی نقشے کو سمجھنے والے جانتے ہیں کہ پاکستان کے بغیر مشرق وسطی میں کوئی امن منصوبہ کامیاب نہیں ہو سکتا، موجودہ تنازعہ میں بھارت نے خارجہ امور پر نہائت ہی کمزور اور اپنے طور پر شاطرانہ عمل اپنایا ہے۔ بھارت ایران کے ساتھ چاربہار پورٹ جیسے منصوبوں پر اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود اس بحران میں صرف اپنے تیل کے راستوں تک محدود رہ گیا۔ بھارتی میڈیا اس بات پر زور لگا رہا ہے کہ ایران کے مذہبی اور سیاسی رہنما خامنائی کی انگلیوں میں جو انگھوٹی ہے وہ ایران کی مضبوطی ہے تو ہم پرستی کا شکار، گائے کو ماتا ماننے والے اس سے آگے سوچ بھی نہیں سکتے، دوسری جانب امن پسند اسلامی ملک پاکستان ہے جو نہ صرف اپنے مفادات بلکہ علاقائی امن میں بھی فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان کی متوازن خارجہ پالیسی، علاقائی امن کی خواہشمندی، اور عالمی طاقتوں کے ساتھ محتاط تعلقات چاہے وہ امریکہ ہو، یا چین جو پاکستان کو احترام کی نگاہ سے دیکھتے اور تعلقات رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ جب ایران اور امریکہ جیسے دو اہم اور متصادم ممالک کے درمیان رابطے کی ضرورت پیش آئی تو پاکستان ایک قابل قبول ذریعہ بن کر سامنے آیا۔ یہ واقعہ نہ صرف پاکستان کی سفارتی پختگی کو ظاہر کرتا ہے بلکہ بھارت کی "وشواگرو" اور پاکستان کو تنہا کرنے" والی حکمت عملی کی مکمل ناکامی کو بھی بے نقاب کرتا ہے۔ پاکستان کی عسکری قیادت بھی پاکستان کی سفارتی کامیابیوں کی اہم وجہ ہے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ذاتی رابطہ بھی ایک اہم عنصر ہے۔ اکھنڈ بھارت کے خواب دیکھنے والے اور پاکستان کے ساتھ سرحدی تناؤ میں الجھی رہنے والی بھارتی فوج اور قیادت اس سطح کی غیر جانبدار ثالثی نہیں کر سکتی۔ اسی لیے امریکہ نے ثالثی کے لیے بھارت کی بجائے پاکستان کی طرف رجوع کیا ہے۔ پاکستان کو اسوقت وزیر اعظم شہباز شریف کی حکومت کی حالیہ اصلاحات، زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ اور عالمی اداروں کے ساتھ تعاون نے پاکستان کو پراعتماد بنایا ہے۔ جب ایک ملک داخلی طور پر مستحکم ہو تو وہ عالمی سطح پر بڑے کردار بھی ادا کر سکتا ہے۔ پاکستان سے پانچ گنا بڑا ملک بھارت اس حقیقی بحران میں کہیں نظر نہیں آ رہا وہ یتن یاہو سے گلے ملنے کا مزہ لے رہا ہے، ایران میں بھارتی سرمایہ کاری جو اس نے پاکستان کے پڑوس میں رہنے اور دہشت گردی کیلئے کی تھی مگر اسکے باوجود 1979 سے ایران اور امریکہ کے درمیان سفارتی روابط منقطع ہونے کے بعد پاکستان نے واشنگٹن میں ایرانی مفادات کا تحفظ کیا۔ یہ دیرینہ کردار اب ثالثی میں مددگار ثابت ہو رہا ہے۔ ادھر بھارتی حالیہ پالیسوں کو اندرون بھارت سخت نکتہ چینی کا سامنا ہے کہ بھارت کو امریکہ کی گود میں بیٹھنے کا بھارت کو کیا فائدہ ہوا؟؟؟ اس پالیسی کی بنا بھارت کو علاقائی اثر و رسوخ سے محروم کر دیا۔ کھسیانی بلی کھمبا نوچے کے مصداق بھارتی وزیر خارجہ کو غیر سفارتی اور غیر اخلاقی زبان استعمال کر کے انتہائی بچ اور گھٹیا کردار ادا کرنا پڑ رہا ہے جے شنکر کے حالیہ بیانات بھارت کی خجالت کو مزید بڑھا رہے ہیں۔ اکھنڈ بھارت اور گریٹر اسرائیل کے داعی بھارت کیلئے بڑا دھچکا ہے کہ جب حقیقی سفارتکاری کی ضرورت تھی تو دنیا نے پاکستان کو منتخب کیا۔ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار چوٹ لگنے کے باوجود پین کلر کھا کر مذاکرات میں مصروف ہیں پاکستان کی سفارتی کاری کا عالمی سطح پر ڈنکا اور چرچا پاکستان کے لیے ایک موقع بھی ہے۔ اگر اسلام آباد میں مذاکرات کامیاب ہوتے ہیں تو پاکستان کا عالمی مقام مزید بلند ہو گا۔ مذاکرات خدانا خواستہ ناکام ہونے کی صورت میں اگر بڑی طاقتیں اپنے مفادات کے تحت یکطرفہ اقدامات جاری رکھتی ہیں تو بین الاقوامی تعاون کی جگہ محاذ آرائی بڑھے گی چونکہ امن مشن میں عالمی ادارے ناکام رہے اسوجہ سے چھوٹے اور کمزور ممالک کا اعتماد متزلزل ہو گا اور عالمی اداروں کی غیر جانبداری مشکوک ہو جاتی ہے۔ نتیجتاً عالمی نظام ایک ایسے بحران سے دوچار ہو سکتا ہے جہاں نہ تو پہلے سے طے شدہ اصولوں پر عمل ممکن ہو گا اور نہ ہی نئے اصول تشکیل پا سکیں گے۔ دنیا کے صاحب رائے ممالک اور شخصیات کیلئے یہ بات اہم ضروری ہے کہ عالمی اداروں کو صرف نمائشی ادارہ نہ بننے دیں اور دنیا کے معاملات میں با اثر ادارہ بنائیں جس سے دنیا کے ظالموں سے مظلوموں کو نجات مل سکے گی انکا حشر بھارتی تسلط سے نبرد آزما کشمیر جیسا نہ ہو گا، پاکستان کشمیر میں بھارتی مظالم اور ناجائز قبضے کے حوالے سے عالمی اداروں کی خاموشی، بے عملی کا گزشتہ کئی دہائیوں سے شکار ہے امن کیلئے بنائے گئے عالمی ادارے بھارتی رہنماں نہرو وہ دیگر کی قراردادوں کو عملی جامعہ پہنانے سے قاصر ہے، اور نہ ہی کشمیر میں ہونے والے بھارتی مظالم پاکستان کی جانب سے بارہا نشاندہی اور مطالبوں کے بعد نظر آتے ہیں اگر عالمی اداروں کی یہ ہی بے عملی رہی تو ان اداروں کی کیا ضرورت ہے؟؟ لگتا ہے یہ نظام آخری سانس لے رہا ہے طاقتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی رقابت، علاقائی تنازعات، معاشی عدم استحکام، اور عالمی اداروں کی کمزور ہوتی ساکھ نے یہ سوال اہم کر دیا ہے کہ اس صورتحال میں اگر نئے عالمی نظام کو جنم دیا تو کیا وہ بھی صرف طاقتور ممالک کیلئے ہو گا اور چھوٹے ممالک بڑی طاقتوں کے ظلم کا شکار رہیں گے؟؟؟

فضیلہ عباسی کیس: ایک فرد یا بڑا مالیاتی نیٹ ورک؟

اصغر علی شاہ

مبصرین کے مطابق پاکستان کی سیاسی تاریخ میں اگرچہ احتساب کا نعرہ ہمیشہ سے ایک طاقتور ہتھیار رہا ہے، مگر اس کی ساکھ اسی وقت برقرار رہتی ہے جب اس کا اطلاق بلاامتیاز ہو۔ حالیہ دنوں میں ڈاکٹر فضیلہ عباسی اور ان سے جڑے مبینہ منی لانڈرنگ کیس نے ایک بار پھر اسی اصول کو آزمائش میں ڈال دیا ہے، خصوصاً اس لیے کہ اس معاملے کی بازگشت ایک ایسے حلقے تک جا پہنچی ہے جو ماضی میں خود کو شفافیت اور دیانت داری کا علمبردار قرار دیتا رہا ہے۔ یہ امر قابل توجہ ہے کہ میڈیا رپورٹس کے مطابق وفاقی تحقیقاتی ادارے نے ڈاکٹر فضیلہ عباسی کے مالی معاملات کی چھان بین کے دوران ایسے شواہد کا انکشاف کیا ہے جن میں اربوں روپے کی بینکنگ ٹرانزیکشنز، متعدد اکاؤنٹس اور بیرون ملک رقوم کی منتقلی شامل ہے۔ مبصرین کے مطابق اگرچہ ان الزامات کا حتمی فیصلہ عدالت نے کرنا ہے، تاہم سامنے آنے والے اعداد و شمار نے کئی بنیادی سوالات کو جنم دیا ہے۔ ایک جانب ٹیکس ریکارڈ میں محدود آمدن ظاہر کی گئی، جبکہ دوسری جانب مبینہ طور پر اربوں روپے کی مالی گردش سامنے آئی یہ تضاد خود ایک بڑی تحقیق کا متقاضی ہے۔ اسی تناظر میں سب سے زیادہ توجہ اس پہلو نے حاصل کی ہے کہ یہ معاملہ محض ایک فرد تک محدود نہیں رہا بلکہ اس کے ممکنہ روابط ایک وسیع تر سماجی اور سیاسی دائرے تک پھیلتے دکھائی دے رہے ہیں۔ مبصرین کے مطابق جب کسی کیس میں جوائنٹ اکاؤنٹس، خاندانی روابط اور بیرونی ترسیلات کا ذکر سامنے آئے تو یہ ایک منظم مالیاتی نیٹ ورک کے امکان کو بھی جنم دیتا ہے، جس کی مکمل چھان بین ناگزیر ہو جاتی ہے۔ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ماضی میں جب اسی نوعیت کے الزامات دیگر سیاسی شخصیات پر عائد ہوئے تو تحریک انصاف کے حامی حلقوں کی جانب سے سخت ردعمل دیکھنے میں آیا تھا۔ احتساب، شفافیت اور کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس جیسے نعرے بھرپور انداز میں بلند کیے گئے۔

تاہم موجودہ معاملے میں خاموشی یا محتاط ردعمل نے ایک نئی بحث کو جنم دیا ہے۔ مبصرین کے مطابق یہی وہ مقام ہے جہاں سیاسی بیانیے کی ساکھ کا امتحان ہوتا ہے کیا اصول سب کے لیے یکساں ہیں یا حالات کے مطابق بدل جاتے ہیں؟ اسی تناظر میں حمزہ علی عباسی کا نام بھی زیر بحث آیا ہے، جو ماضی میں تحریک انصاف کے ایک نمایاں حامی اور عوامی بیانیے کے سرگرم ترجمان رہے ہیں۔ ان کی سیاسی وابستگی اور نظریاتی موقف کے باعث اس کیس کی حساسیت مزید بڑھ گئی ہے۔ جان کاروں کے مطابق جب کسی ایسے فرد کے قریبی حلقے پر مالی بے ضابطگیوں کے الزامات آئیں جو خود احتساب کا علمبردار رہا ہو، تو عوامی توقعات اور سوالات دونوں شدت اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ امر بھی خصوصی توجہ کا حامل ہے کہ اگر واقعی رقوم کی منتقلی بیرون ملک تک ہوئی اور اس میں غیر رسمی ذرائع جیسے حوالہ ہنڈی کے استعمال کے شواہد سامنے آتے ہیں، تو یہ معاملہ صرف ٹیکس بے ضابطگی تک محدود نہیں رہتا بلکہ ایک سنگین مالیاتی جرم کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ سفارتی ماہرین کے بقول اس نوعیت کے کیسز نہ صرف ملکی معیشت بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی مالیاتی ساکھ کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب قانونی پیش رفت نے بھی اس کیس کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ عدالت میں پیشیوں، ضمانتوں اور تفتیشی عمل سے متعلق رپورٹس نے یہ تاثر دیا ہے کہ معاملہ ابھی ابتدائی مراحل میں ہے، مگر اس کے اثرات سیاسی بیانیے پر فوری طور پر مرتب ہو رہے ہیں۔ مبصرین کے مطابق اس مرحلے پر سب سے اہم ضرورت یہ ہے کہ تحقیقات شفاف، غیر جانبدار اور قانون کے مطابق ہوں تاکہ کسی بھی قسم کے شکوک و شبہات کو ختم کیا جا سکے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان میں عوام پہلے ہی مہنگائی، ٹیکسوں اور معاشی دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے میں جب اربوں روپے کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی خبریں سامنے آتی ہیں تو یہ صرف ایک قانونی کیس نہیں رہتا بلکہ ایک سماجی اور اخلاقی سوال بھی بن جاتا ہے۔ عوام یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا احتساب واقعی سب کے لیے یکساں ہے یا یہ صرف مخصوص حالات میں استعمال ہونے والا نعرہ ہے۔ آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہو گا کہ ڈاکٹر فضیلہ عباسی کا کیس محض ایک فرد یا ایک خاندان تک محدود نہیں بلکہ یہ پاکستان کے سیاسی اور احتسابی نظام کے لیے ایک اہم امتحان بن چکا ہے۔ فیصلہ عدالت نے کرنا ہے، مگر عوام کے ذہنوں میں اٹھنے والے سوالات اپنی جگہ موجود ہیں: کیا یہ واقعی ایک انفرادی معاملہ ہے یا کسی بڑے مالیاتی نیٹ ورک کا حصہ؟ کیا احتساب کا عمل بلاامتیاز آگے بڑھے گا یا ایک بار پھر بیانیے اور حقیقت کے درمیان خلیج نمایاں ہو گی؟ یہی وہ سوالات ہیں جو آنے والے دنوں میں نہ صرف اس کیس بلکہ مجموعی سیاسی فضا کا رخ متعین کریں گے۔ ایسے میں توقع کی جانی چاہیے کہ اس ضمن میں تمام زمینی حقائق کو جلد سے جلد منظر عام پر لایا جائے گا۔

نفاستِ سخن اور وقارِ محفل: پہچانِ پاکستان ادبی ایوارڈ کی داستان

اخلاق احمد ساغر

ادب کسی بھی معاشرے کی روح ہوتا ہے اور جب اس روح کو پہچاننے، سنوارنے اور عزت دینے کے لیے اجتماعی سطح پر کاوش کی جائے تو وہ لمحہ محض ایک تقریب نہیں رہتا بلکہ تاریخ کا حصہ بن جاتا ہے۔ 26 مارچ 2026 کو لاہور میں منعقد ہونے والی پہچان پاکستان ادبی ایوارڈ 2026 کی تقریب بھی اسی نوعیت کا ایک درخشاں باب ہے، جس نے نہ صرف اہل قلم کو خراج تحسین پیش کیا بلکہ عالمی ادبی روایت میں پاکستان کے مثبت تشخص کو بھی اجاگر کیا۔

دنیا بھر میں ادبی ایوارڈز کی ایک طویل روایت موجود ہے، چاہے وہ مغرب میں ادب کے اعلیٰ ترین اعزازات ہوں یا مشرق میں تہذیبی و فکری خدمات کا اعتراف، یہ سب اس بات کا ثبوت ہیں کہ الفاظ کی طاقت سرحدوں کی محتاج نہیں ہوتی۔ ایسے میں پاکستان جیسے فکری اور ثقافتی طور پر زرخیز ملک میں اس نوعیت کی تقریبات کا انعقاد نہایت اہمیت کا حامل ہے کیوں کہ یہ نہ صرف مقامی ادیبوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے بلکہ عالمی سطح پر ایک مثبت ادبی بیانیہ بھی تشکیل دیتا ہے۔

لاہور، جو صدیوں سے علم و ادب کا گہوارہ رہا ہے، اس تقریب کے لیے ایک موزوں ترین انتخاب تھا۔ یہ وہی شہر ہے جہاں کبھی شعر و ادب کی محفلیں رات بھر آباد رہتی تھیں، جہاں فکر کی شمعیں روشن ہوتی تھیں اور جہاں قلم کار اپنے لفظوں کے ذریعے زمانے کی سمت متعین کرتے تھے۔ اسی روایت کی جھلک اس تقریب میں بھی نمایاں تھی، جہاں ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے ادیب، شاعر، صحافی اور دانشور ایک فکری قافلے کی صورت میں جمع ہوئے۔

تقریب کی اصل خوب صورتی اس کے پس منظر میں کارفرما وہ جذبہ تھا جو خلوص، محنت اور ادب سے سچی وابستگی پر مبنی تھا۔ منتظمین نے جس پیشہ ورانہ مہارت اور لگن کے ساتھ اس ایونٹ کو ترتیب دیا، وہ کسی بھی بین الاقوامی معیار کی تقریب سے کم نہ تھا۔ ایک کامیاب پروگرام کے پیچھے چھپی انتھک محنت، عمیق منصوبہ بندی اور ٹیم ورک اس تقریب کے ہر پہلو سے عیاں تھا۔

اس ایوارڈ کا سب سے اہم پہلو وہ خاموش خدمت گزار تھے جنھیں اس پلیٹ فارم پر سراہا گیا۔ وہ قلم کار جو شہرت کی دوڑ سے دور رہ کر اپنے الفاظ کے ذریعے معاشرے میں شعور، آگہی اور مثبت تبدیلی کا بیج بوتے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی دراصل ایک روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ ایسے افراد کو منظر عام پر لانا اس بات کی دلیل ہے کہ معاشرہ ابھی بھی فکری قدروں کو اہمیت دیتا ہے۔

عالمی تناظر میں دیکھا جائے تو ادب ہمیشہ سے مکالمے، رواداری اور انسانی ہم آہنگی کا ذریعہ رہا ہے۔ آج کے دور میں، جب دنیا مختلف نظریاتی، ثقافتی اور سیاسی تقسیم کا شکار ہے، ایسی تقریبات ایک پل کا کردار ادا کرتی ہیں۔ یہ ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ اختلاف کے باوجود مکالمہ ممکن ہے اور قلم وہ طاقت رکھتا ہے جو دلوں کو قریب لا سکتی ہے۔

اس تقریب میں شرکت کرنے والے افراد کے چہروں پر جو خوشی، فخر اور اطمینان نمایاں تھا، وہ محض ایک ایوارڈ حاصل کرنے کی خوشی نہیں تھی بلکہ اپنی محنت کے اعتراف کا وہ احساس تھا جو کسی بھی تخلیق کار کے لیے سب سے بڑی طاقت بنتا ہے۔ یہی وہ لمحے ہوتے ہیں جو ایک ادیب کو مزید لکھنے، مزید سوچنے اور مزید بہتر کرنے کی تحریک دیتے ہیں۔

پہچان پاکستان ادبی ایوارڈ 2026 دراصل ایک پیغام ہے، یہ پیغام کہ ادب زندہ ہے، قلم بامعنی ہے اور اہل قلم آج بھی معاشرے کی رہنمائی کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ تقریب اس یقین کی تجدید ہے کہ اگر نیت خالص ہو، مقصد واضح ہو اور محنت مسلسل ہو تو کامیابی ایک ناگزیر حقیقت بن جاتی ہے۔

یہ کہنا بے جا نہ ہو گا کہ اس نوعیت کی ادبی سرگرمیاں نہ صرف پاکستان کے اندر علمی و ادبی فضا کو فروغ دیتی ہیں بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک مثبت اور مہذب تشخص پیش کرتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے اقدامات کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے، تاکہ آنے والی نسلیں ایک مضبوط، باشعور اور تخلیقی معاشرے میں سانس لے سکیں۔

یہ تقریب محض ایک یاد نہیں بلکہ ایک آغاز ہے، ایک ایسے سفر کا آغاز جس میں قلم روشنی بن کر اندھیروں کو چیرتا رہے گا اور ادب انسانیت کو اس کی اصل پہچان دلاتا رہے گا۔

شہر قائد

میونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن عبدالجبار مہر بارش میں نکاسی آب کا جائزہ لے رہے ہیں

عوام کو ریلیف فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، ثروت اعجاز قادری

عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، مزید بوجھ ڈالنا کسی صورت مناسب نہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے چیئرمین انجینئر ثروت اعجاز قادری نے موجودہ ملکی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج عوام مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی دباؤ کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ حکومت کی جانب سے کیے جانے والے فیصلے عوامی توقعات کے برعکس نظر آتے ہیں، جس کی وجہ سے عام آدمی کی زندگی دن بہ دن مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور ایسے فیصلے کرے جو براہ راست عوامی مفادات کے عکاس ہوں۔ عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، ایسے میں مزید بوجھ ڈالنا کسی صورت مناسب نہیں۔ حکمرانوں کو چاہیے کہ وہ زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی سازی کریں۔

فلسطینیوں کو پھانسی دینے کا قانون کی منظوری شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، حنیف طیب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین نظام مصطفیٰ پارٹی سابق وفاقی وزیر محنت و افرادی قوت سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ناجائز اسرائیلی حکومت کی نام نہاد پارلیمنٹ کی طرف سے اسرائیل میں فلسطینی قیدیوں کو پھانسی کی سزا کا قانون منظور ہونا انسانی حقوق، بین الاقوامی تسلیم شدہ قوانین کی سراسر منافی ہے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ اقدام فلسطینی قیدیوں کی نسل کشی کا باعث بنے گا اس قانون کے نفاذ کے بعد اسرائیل 10 ہزار سے زائد فلسطینیوں کو پھانسی دے گا اسرائیل کو اس اقدام سے روکنا اقوام متحدہ، انسانی حقوق کے اداروں، مسلم تنظیم او آئی سی اور عالمی عدالت انصاف کی ذمہ داری ہے۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ایک طرف تو بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کو فروغ دینے کے دعوے کیے جاتے ہیں دوسری جانب یروشلم میں مسلمانوں کو مسجد الاقصیٰ تک رسائی سے روکنے اور عبادت کی پابندیاں لگانا ان دعووں پر سوالیہ نشان ہے۔

بلدیہ عظمیٰ کراچی: بروقت نکاسی آب کو یقینی بنایا گیا

میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے خود موقع پر موجود رہ کر آپریشنز کی نگرانی کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) نے میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی قیادت میں آج شہر کے مختلف علاقوں میں ہونے والی شدید اور وقفے وقفے سے ہونے والی بارش کے اثرات کا کامیابی سے مقابلہ کیا، جس کے نتیجے میں بروقت نکاسی آب کو یقینی بنایا گیا اور معمولات زندگی میں کم سے کم خلل پڑا۔ بارش کی شدت اور غیر متوقع صورتحال کے باوجود، کے ایم سی نے پیشگی طور پر تمام متعلقہ محکموں میں ایمرجنسی اور ہائی الرٹ نافذ کر رکھا تھا۔ فعال اقدامات، جن میں برساتی نالوں کی مسلسل نگرانی اور صفائی، اہم مقامات پر فیلڈ ٹیموں کی تعیناتی، جبکہ نشیبی علاقوں میں ڈی واٹرنگ پمپس اور بھاری مشینری کی فراہمی شامل تھی، نے صورتحال کو مؤثر طریقے سے سنبھالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے خود موقع پر موجود رہ کر آپریشنز کی نگرانی کی اور شہر کی اہم شاہراہوں اور متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا، جن میں ایم اے جناح روڈ، شاہراہ لیاقت، شاہراہ فیصل، سرشاہ سلیمان روڈ، منور سہروردی انڈر پاس، جوہر موڑ، نارتھ ناظم آباد، کے ڈی اے چورنگی اور دیگر علاقے شامل ہیں۔ چند مقامات سے محدود شکایات موصول ہوئیں، خاص طور پر شاہراہ فیصل نرسری کے قریب، تاہم صورتحال کو فوری طور پر کنٹرول کر لیا گیا۔ علاقے کی جغرافیائی ساخت کے باعث پانی جمع ہوا، مگر کے ایم سی کی ٹیموں نے فوری طور پر ڈی واٹرنگ پمپس اور مشینری کی مدد سے نکاسی آب کو یقینی بنایا۔ تمام بڑے انڈر پاسز قابل آمد و رفت رہے اور سڑکوں کو ٹریفک کے لیے کھلا رکھا گیا۔ عارضی طور پر جمع ہونے والے پانی کو بروقت اقدامات کے ذریعے ختم کیا گیا اور مجموعی صورتحال کے ایم سی کے دائرہ اختیار میں قابو میں رہی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میئر کراچی نے کہا کہ کے ایم سی کی ٹیمیں واٹر کارپوریشن، ضلعی انتظامیہ، ٹاؤن میونسپل کارپوریشنز (ٹی ایم سیز) اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔

صحافی پیر حسام الدین راشدی کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں خصوصی تقریب

نعرے بازی کی بجائے مکالمے کی روایت کو فروغ دیا، صدر آرٹس کونسل احمد شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام معروف تاریخ دان، محقق اور صحافی پیر حسام الدین راشدی کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ، مہتاب اکبر راشدی، ڈاکٹر جعفر احمد، مدد علی سندھی، پارس محمود اور حمید اخوند نے اظہار خیال کیا جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر ایوب شیخ نے انجام دیے، تقریب میں اہل علم، ادبی شخصیات اور سماجی حلقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے کہا کہ پیر حسام الدین راشدی عظیم محقق اور دانشور تھے، یہ پہلے سے طے کیا گیا تھا کہ 20 ستمبر کو آرٹس کونسل میں پیر حسام الدین راشدی کے حوالے سے نمائش اور مکالمے کا انعقاد کیا جائے گا، اس طرح کی تقریبات دراصل اس بات کا اعلان ہیں کہ ہمیں اس دنیا سے مکمل طور پر مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، سندھ میں ہمارے لوگ چاہتے ہیں کہ اہل علم اور اہل فکر آپس میں بیٹھ کر بات کریں، اسی سوچ کے تحت ہم نے نعرے بازی کے بجائے مکالمے کی روایت کو فروغ دیا۔

ممکنہ بارشوں کے پیش نظر نیو کراچی ٹاؤن میں رین ایمرجنسی

کراچی (پ۔ر) میونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن عبدالجبار مہر کا بارش کے دوران نیو کراچی ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ۔ میونسپل کمشنر کا صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ۔ اس موقع پر اسٹاف افسر محمد علی، ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن مشتاق خان، محکمہ انفارمیشن، ریسکیو، پارک، اور B&R کے افسران و عملہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھا۔ میونسپل کمشنر عبدالجبار مہر نے نشیبی علاقوں میں جمع پانی کی فوری نکاسی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بارش کے دوران شہریوں کو ریلیف فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ صفائی اور نکاسی آب کے کام کو تیز کیا جائے اور کسی بھی شکایت پر فوری کارروائی کی جائے۔ میونسپل کمشنر عبدالجبار مہر نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن انتظامیہ بارش کے دوران ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے متحرک ہے اور تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

صدر آرٹس کونسل احمد شاہ معروف صحافی پیر حسام الدین راشدی کی خدمات کے اعتراف میں تقریب میں اظہار خیال کر رہے ہیں

سندھ بھر سے

محراب پور: مبینہ پولیس مقابلہ، رہزن زخمی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) مبینہ پولیس مقابلہ، رہزن ہاف فرائی، ٹھارو شاہ پولیس تھانہ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ میں ایک رہزن ممتاز چانڈیو زخمی حالت میں اسلحہ سمیت گرفتار، ضلعی پولیس ترجمان نوشہرو فیروز شوکت کلو کے مطابق وادی موری اسٹاپ پر ڈکیتی کی نیت سے کھڑے رہزنوں نے پولیس پر فائرنگ کی جوابی فائرنگ میں گاؤں جعفر شاہ (ناگو شاہ موری) کے رہائشی ممتاز چانڈیو ولد سومر چانڈیو کو زخمی حالت میں پستول اور گولیوں سمیت گرفتار کر کے اسپتال منتقل کر دیا۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی جانب سے ایس ایس پی بدین کو سخت ہدایات

ضلع کے اندر بڑھتی ہوئی منشیات، خصوصاً آئس، کی فروخت اور استعمال پر تشویش کا اظہار کیا گیا

بدین میں منشیات کی فروخت اور استعمال میں خطرناک حد تک اضافہ، تقریباً 30 فیصد نوجوان عادی بن چکے

بدین (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بدین نے 30 مارچ 2026 کو اخبار میں شائع ہونے والی خبر کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی بدین کو خط جاری کر دیا ہے، جس میں ضلع کے اندر بڑھتی ہوئی منشیات، خصوصاً آئس، کی فروخت اور استعمال پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے خط میں بتایا گیا ہے کہ مذکورہ خبر کے مطابق ضلع بدین میں منشیات کی فروخت اور استعمال میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے، جہاں تقریباً 30 فیصد نوجوان آئس کے عادی بن چکے ہیں۔ اخبار میں مزید یہ بھی بتایا گیا ہے کہ منشیات کی خرید و فروخت کا کاروبار کھلے عام جاری ہے، جبکہ بعض قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں پر رشوت اور بھتہ لے کر اس غیر قانونی کاروبار کو سہولت فراہم کرنے کے سنگین الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے خبردار کیا ہے کہ اگر ان غیر قانونی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے فوری اقدامات نہ کیے گئے تو یہ صورتحال عوامی صحت، سماجی اقدار اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوام کے اعتماد کے لیے سنگین خطرہ بن سکتی ہے خط میں ایس ایس پی بدین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اخبار میں مذکور تمام امور پر ایک جامع رپورٹ تیار کر کے 7 اپریل 2026 تک معزز عدالت میں پیش کریں، جس میں منشیات کی روک تھام کے لیے کیے گئے یا مجوزہ اقدامات شامل ہوں مزید برآں رشوت خوری اور بھتہ خوری کے الزامات پر شفاف اور غیر جانبدارانہ اندرونی تحقیقات کرائی جائیں اور ملوث اہلکاروں کی نشاندہی کی جائے خط میں یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ منشیات کے کاروبار میں ملوث یا اس میں سہولت فراہم کرنے والے کسی بھی سرکاری اہلکار کے خلاف سخت قانونی اور محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے آخر میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اس معاملے کو انتہائی ہنگامی بنیادوں پر حل کیا جائے۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محراب پور: حادثات اور واقعات میں تین افراد زخمی

محراب پور (پاکستان بلیٹن) حادثات اور واقعات میں تین افراد زخمی، حادثہ رسول آباد پولیس چوکی کی حدود میں قومی شاہراہ پر اٹک پیٹرول پمپ کے پاس ہوا جہاں پر نامعلوم گاڑی کی زد میں آکر زبیر ڈاہری اونٹ بان کا بھتیجا زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق زخمی کو گمس اسپتال گمبٹ منتقل کر کے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے، دوسری طرف اکری پولیس تھانہ کی حدود درگاہ خوش خیر محمد ہسبانی میں ہسبانی برادری کے دو گروپوں میں اراضی تکرار پر جاری تکرار پر فائرنگ کا تبادلہ ہوا ذرائع کے مطابق فائرنگ میں ذوالفقار چانڈیو ولد میوہ چانڈیو زخمی ہو گیا، یاد رہے کہ ہسبانی برادری میں چلی آرہی زمینی تکرار پر فریقین کافی عرصہ سے مورچہ بند ہیں اور پولیس کیلئے علاقہ نو گو ایریا بنا ہوا ہے۔

صحافی سمیت 5 منشیات، گٹکا فروش گرفتار

محراب پور (پاکستان بلیٹن) پولیس کارروائی میں گٹکا فروش صحافی سمیت 5 منشیات، گٹکا فروش گرفتار، لاکھا روڈ پولیس نے ایک کارروائی میں صحافی وقار خاص خیلی اور پرویز علی چانگ کو 2200 ساشے 6600 گرام مضر صحت گٹکا سمیت گرفتار کر لیا ہے، مورو پولیس نے ایک کارروائی میں منور عرف نولو ماچھی اور فرحان علی کو 800 ساشے 2400 گرام مضر صحت گٹکا، پان پراگ سمیت گرفتار کر لیا ہے۔

تہرے قتل میں ملوث

باپ بیٹا کو پھانسی کی سزا کا حکم

محراب پور (پاکستان بلیٹن) تہرے قتل میں ملوث باپ بیٹا کو پھانسی کی سزا کا حکم، ایڈیشنل سیشن جج کنڈیارو کی عدالت کے جج علم الدین جانوری نے ماں، باپ اور بہن کے تہرے قتل میں ملوث دھنی بخش گوندل اور اسکے بیٹے عبد اللطیف گوندل کے اعترافی بیان پر دونوں کو سزائے موت کا حکم سنایا ہے، سال 2021 میں گاؤں عالم گوندل میں ملزم دھنی بخش گوندل نے اپنے بیٹے عبدالطیف گوندل کیساتھ ملکر ٹوکہ سے وار کر کے اپنے باپ احمد خان گوندل، ماں مسمات سکینہ اور بہن مسمات ذولیخا کو قتل کر دیا تھا، جس کا مقدمہ خان واہن پولیس تھانہ میں محمد خان گوندل کی مدعیت میں درج ہوا تھا۔

مکلی کے قریب افسوسناک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ کراچی قومی شاہراہ پر مکلی کے قریب شورا موری کے مقام پر تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل سوار دو افراد کو ٹکر مار دی، جس کے نتیجے میں دونوں موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت کراچی کے رہائشی عمران علی اور خیرپور کے رہائشی مجاہد سومرو کے نام سے ہوئی ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ دونوں فوجی فاؤنڈیشن کے ملازم تھے اور تفریح کے لیے ٹھٹھہ جا رہے تھے۔ پولیس نے لاشوں کو سول اسپتال ٹھٹھہ منتقل کر دیا ہے، جہاں عمران علی کے ورثا پہنچ گئے ہیں جبکہ مجاہد سومرو کے اہل خانہ کو اطلاع دے دی گئی ہے۔ پولیس نے کار اور اس کے ڈرائیور کو تحویل میں لے لیا ہے اور مزید کارروائی جاری ہے۔

محراب پور: پولیس کارروائی میں گرفتار گٹکا فروش صحافی اور منشیات فروش

شہید بینظیر آباد میں ایس آئی سی وی ڈی مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس

نوابشاہ (و۔آ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی کی زیر صدارت سندھ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (SICVD) شہید بینظیر آباد کی مینجمنٹ کمیٹی کا ایک اجلاس آج انکے دفتر میں منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی نے کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے نواب شاہ میں ادارہ برائے امراض قلب (ایس آئی سی وی ڈی) کا قیام دل کے مریضوں کے لیے ایک تحفہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ ایس آئی سی وی ڈی کے تحت عوام بالخصوص دل کے مریضوں کو مفت اور معیاری علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور اس کمیٹی کے قیام سے انتظامی امور مزید بہتر ہوں گے انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے ایس آئی سی وی ڈی میں طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے چیئرمین ایگزیکٹو ڈائریکٹر SICVD کو مقرر کیا گیا ہے۔

ٹھٹھہ میں معمولی تکرار پر ایک شخص نے خود کو آگ لگا لی

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ میں معمولی تکرار پر ایک شخص نے خود کو آگ لگا لی تشویشناک حالت میں کراچی منتقل۔ ٹھٹھہ شہر کے قریب گھر میں معمولی تکرار پر ایک شخص استاد عبدالرحمن عرف جوٹو واریو نے مٹی کا تیل چھڑک کر خود کو آگ لگا لی اہل خانہ نے بڑی مشکل سے آگ پر قابو پایا اور آگ سے جھلسنے والے شخص کو سول اسپتال مکلی منتقل کیا جہاں سے تشویشناک حالت میں اسے کراچی منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 01

کا فیصلہ کیا گیا، گوجرانوالہ، ملتان اور سیالکوٹ میں فری ٹرانسپورٹ پائلٹ کی منظوری دی گئی، فی کلومیٹر ٹرانسپورٹ کرایوں کا تعین کرنے کے لئے 24 گھنٹے میں رپورٹ طلب کر لی گئی۔ اس کے علاوہ پنجاب میں پرائس کنٹرول کے اقدامات کے بارے میں بھی بتایا گیا، لاہور سمیت ہر ضلع میں پیاز، ٹماٹر، آلو، کیلا اور دالوں سمیت 23 اشیا خورونوش کے موجودہ نرخ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دوران بریفنگ بتایا گیا کہ پنجاب میں آٹا کا نرخ سندھ سے 427 روپے، خیبرپختونخوا سے 823 اور بلوچستان سے 790 روپے کم ہے، پنجاب میں بیشتر دالوں، پھلوں اور سبزیوں کے نرخ دیگر صوبوں سے نسبتاً کم ہیں، صوبے میں دال اور چنے کا وافر سٹاک موجود ہے۔ اجلاس کے دوران اشیا خورونوش کے ڈی سی ریٹ کا جائزہ لے کر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی، پیرا کو صوبہ بھر میں ایل پی جی کے نرخ ریگولیٹ کرنے کا حکم دیا گیا، ضروری اشیا خورونوش کی ذخیرہ اندوزی کے سدباب کے لئے اقدامات کی بھی ہدایت کی گئی۔ دوران اجلاس نوٹیفائیڈ نرخ سے مہنگی اشیا بیچنے والوں سے خریداری نہ کرنے کی اپیل کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اوپن ڈرینج میں اموات کے واقعات پر اظہار برہمی کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنرز کو گلی گلی میں جوہڑ اور تالاب کا سروے کرنے کا حکم دیا اور کمشنرز کو روزانہ تصاویر اور رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی، ہر یونین کونسل میں جوہڑوں کو محفوظ بنانے کے لئے اقدامات کا حکم بھی دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ غیر محفوظ جوہڑ کی موجودگی ڈی سی کی ناکامی سمجھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 02

چکے ہیں۔ امتحانات کے انعقاد سے قبل میٹرک بورڈ کا پرانا سرور اور پورٹل پر شدید دباؤ امیدواروں اور اسکول انتظامیہ کے لیے بڑی مشکل بن گیا تھا۔ تاہم، اب پورٹل کی صورتحال بہتر ہونے سے ایڈمٹ کارڈز کے حصول میں درپیش رکاوٹیں ختم ہوگئی ہیں۔ نجی اور سرکاری اسکولوں کے علاوہ پرائیویٹ امیدواروں کو بھی بورڈ آفس سے ایڈمٹ کارڈز جاری کر دیے گئے ہیں۔ ترجمان میٹرک بورڈ ایم اے جعفری کا کہنا ہے کہ امتحانات کو ری شیڈول کرنے کا فیصلہ خالصتاً طلبہ کے وسیع تر مفاد میں کیا گیا ہے تاکہ وہ سکون سے اپنی تیاری مکمل کر سکیں، سالانہ امتحانات پہلے سے مقرر کردہ مراکز پر ہی منعقد ہوں گے، جن میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ ایڈمٹ کارڈز کے حصول کے لیے بورڈ آفس آنے والے امیدواروں اور اسکول نمائندوں کو گھنٹوں انتظار کی زحمت اٹھانی پڑی۔ اگرچہ بورڈ کی جانب سے سائلین کے لیے ٹینٹ کا انتظام کیا گیا تھا، تاہم بڑھتی ہوئی مہنگائی کے دور میں دور دراز سے بورڈ آفس کے بار بار چکر لگانا طلبہ اور والدین کے لیے مالی بوجھ کا سبب بھی بنا۔

بقیہ نمبر 03

منڈی پھیرے لگانا شروع کردیئے ہیں تفصیلات کے مطابق پنجاب، سندھ ، بلوچستان سمیت ملک بھر کے شہروں سے بیوپاریوں سے کراچی نادرن بائی پاس عوام دوست منڈی کا رخ کرلیا ہے، 3 اپریل کو لاہور کے قریب شیخوپورہ شہر سے آنے والے بیوپاری چاچا سلیم نے بتایا کہ اس نے اپنا پہلا جانور بھی فروخت کردیا ہے، ایڈمنسٹریٹر طارق تونی کا کہنا ہے کہ قبل از وقت عوام دوست منڈی پہنچنے والے بیوپاریوں اور جانوروں کے لیے پانی اور چارے کی فراہمی پہلے روز سے یقینی بنائی جارہی ہے ہم نے ہر بلاک میں اپنے ورکرز تعینات کردیئے ہیں پوری منڈی کو روشن کردیا گیا ہے جہاں جانور کھڑے ہیں وہاں بھی لائٹس نصب کردی گئی ہے، ترجمان عوام دوست منڈی 2026 کا کہنا تھا کہ پہلے دن سے شہریوں کی بڑی تعداد فیملیز کے ہمراہ منڈی آرہی ہیں، منچلوں نے دن رات ڈیرے جمار کھے ہیں ، مویشی منڈی کو پکنک پوائنٹ بنا لیا ہے کوئی خوبصورت جانوروں کے ساتھ سیلفیاں بنارہا ہے تو کوئی ان سے اٹھکیلیاں کررہا ہے ہر بلاک میں کولڈ ڈرنکس، چپس اور کھانے پینے کی اشیا کے کیبنز موجود ہیں، رات گئے تک شہری منڈی کا چکر لگا رہے ہیں عوام کے تحفظ کے لیے داخلی و خارجی راستوں پر پولیس اور رینجرز اہلکار تعینات کیے جاچکے ہیں۔

بقیہ نمبر 04

موبائل کو بارودی مواد کے ذریعے نشانہ بنایا گیا۔ پولیس کے مطابق دھماکا خیز مواد ایک موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا جو پولیس وین کے قریب کھڑی تھی، دھماکے کے اطلاع ملتے ہی فوراً پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق زخمی ہونے والوں میں اے ایس آئی جمال الدین، کانسٹیبل عارف اور ڈرائیور میر حسن شامل ہیں، تمام زخمیوں کو طبی امداد کیلئے فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں اور ذمہ داروں کا سراغ لگانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 05

ہے کہ پولیس کی جانب سے خواتین اور معصوم بچوں پر بھی بدترین شیلنگ کی گئی، جس کے باعث وہ نڈھال ہوگئے۔ چھوٹے چھوٹے بچے تک بارش کے پانی میں بے ہوش پڑے رہے۔ حیرت اور افسوس کا مقام یہ ہے کہ دنیا بھر میں امن و آشتی کے بلند و بانگ دعوے کرنے والے، آج اپنے ہی ملک میں اپنے عوام پر اس قدر قہر برپا کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 06

خطے میں امن کیلیے اہم ہے، اس نے تحمل کا مظاہرہ کیا اور معاملات اپنے دفاع تک رکھے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ ہم پر امید ہیں اور دعاگو ہیں کہ کسی طرح کشیدگی ختم ہو اور امن واپس لوٹے، جس طرح سعودی عرب پر حملے کیے جا رہے ہیں یہ قابل قبول نہیں، حرمین شریفین پوری دنیا کیلیے مقدس مقام ہے اور عقیدت کی جگہ ہے، ریاض کو نشانہ بنانا پوری دنیا کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہو رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 07

پراسیکیوٹر نے سماعت پیر تک مقرر کرنے کی استدعا کی تاہم چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ عدالت اپنی مصروفیات دیکھ کر تاریخ مقرر کرتی ہے، چیف جسٹس نے کہا کہ آپ کلائنٹ سے ملاقات کر لیں، اپیل بھی فکس کر دیں گے اور اگر دلائل شروع ہوئے تو سات دن میں اپیل کا فیصلہ کرنے کی کوشش کریں گے۔ بانی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر نے دلائل کا آغاز کیا تو چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آج آپ کون سے کیس پر دلائل دے رہے ہیں؟ سلمان صفدر نے جواب دیا کہ 31 مارچ عدالت نے ایک آرڈر پاس کیا تھا۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آپ کی متفرق درخواست کیا ہے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی متفرق درخواست منظور کر لیتے ہیں، آپ جا کر بانی پی ٹی آئی سے مل لیں، جیل حکام عمران خان سے سلمان صفدر کی ملاقات کرائیں۔

بقیہ نمبر 08

خود ہی جواب دیتے ہوئے لکھا ایک بھی نہیں! پول میں موجود ہیلی کاپٹر کا آپریشنل خرچ کیا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ پول میں موجود ہیلی کاپٹرز کا خرچ پروٹوکول کی گاڑیوں میں جانے سے کہیں کم ہے اور وزیراعظم کیلئے سفر کا سب سے بہتر، محفوظ اور سستا ذریعہ ہیلی کاپٹر ہے، کیونکہ اگر آپ استعمال نہ بھی کریں تو پول میں موجود ہیلی کاپٹر کو فضائی سفر کرنا ہی ہوتا ہے تاکہ اس کی مکینیکل سیکیورٹی برقرار رہے!

بقیہ نمبر 09

گئیں۔ انہوں نے کہا کہ اس پیش رفت سے ملکی معیشت میں استحکام اور بہتری کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں، جبکہ زرمبادلہ ذخائر اور مالی گنجائش میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ مشیر وزیر خزانہ کے مطابق سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے اور قرض مینجمنٹ میں نظم و ضبط مضبوط ہوا ہے، جس کے باعث پاکستان کی عالمی مالیاتی ساکھ بھی بہتر ہونا شروع ہو گئی ہے۔

بقیہ نمبر 10

دھند فائرنگ کرکے فرار ہوئے تھے۔ فائرنگ سے شہری میاں بخش زرداری جاں بحق اور شوکت گولیاں لگنے سے زخمی ہوئے تھے۔ واقعے کا مقدمہ الزام نمبر 132/2026 بجرم دفعہ 397/394/302/34 تھانہ معمار میں درج ہے۔ پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے واقع میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کیا۔ ملزمان سے 2 غیر قانونی پسٹل مع ایمونیشن، چھینے گئے 5 موبائل فونز اور زیر استعمال موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ ترجمان ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ویسٹ کے مطابق ملزمان کے خلاف ضابطے کے تحت مزید مقدمات کا اندراج کرکے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمان میں ممتاز چنہ ولد محمد اکرم اور وسیم عرف کمانڈر ولد حیات خان شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 11

بیرون ملک سے واپس لانے کے لیے عالمی معاہدوں میں بہتری کا پلان ہے، منجمد، ریکور شدہ اور واپس لائے گئے اثاثوں کا ڈیجیٹل ڈیٹا بیس تیار کیا جائے گا، ایسٹ ریکوری اور مینجمنٹ یونٹس کو مضبوط بنایا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر اثاثہ جات جمع کروانے کے لیے ڈیجیٹل پلیٹ فارم بنائے گا، کرپشن کے خطرات کم کرنے کے لیے 10 بڑے محکموں کی نشاندہی کا فیصلہ کیا گیا ہے مشکوک مالی ٹرانزیکشنز رپورٹ کرنے کے معیار اور تعداد میں اضافہ کیا جائے گا، کرپشن کے خلاف ایکشن پلان اکتوبر 2026 تک تیار ہوگا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ حکومت ہر 6 ماہ بعد اصلاحات کی رپورٹ جاری کرے گی، نیب کو مزید خودمختاری دی جائے گی، نیب اس سال کرپشن سے متعلق نیشنل رسک اسیسمنٹ کرے گا، اینٹی منی لانڈرنگ، کاؤنٹر ٹیرر فنانسنگ اتھارٹی کے تحت ٹاسک فورس قائم کی جائے گی جس میں نیب، ایف آئی اے، ایف بی آر، آڈیٹر جنرل، ایس ای سی پی سمیت دیگر ادارے شامل ہوں گے۔ حکومت نے نیب چیئرمین کی تعیناتی کا طریقہ کار بھی بہتر بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے نیب چیئرمین کی تقرری کے لیے اپوزیشن کی نمائندگی سمیت کمیشن قائم کرنے پر زور دیا۔ نیب میں میرٹ، شفاف اور اوپن سلیکشن سسٹم متعارف ہوگا۔ نیب کے قواعد اور کارکردگی رپورٹ عوام کے لیے جاری کی جائے گی۔ منی لانڈرنگ سے متعلق تحقیقات اور سزاؤں کے طریقہ کار کو مضبوط کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 12

دے رہے۔ اس صورت حال کے نتیجے میں عالمی سطح پر فی اونس سونے کی قیمت 30 ڈالر کی کمی سے 4 ہزار 657 روپے کی سطح پر آ گئی ہے۔ عالمی مارکیٹ کے زیراثر مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی آج منگل کے روز فی تولہ سونے کی قیمت 3 ہزار روپے کی کمی سے 4 لاکھ 88 ہزار 462 روپے کی سطح پر آ گئی ہے اور فی 10 گرام سونے کی قیمت بھی 2 ہزار 572 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 18 ہزار 777 روپے کی سطح پر آ گئی۔ دریں اثنا عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 72 ڈالر 60 سینٹس پر مستحکم رہنے سے مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 7 ہزار 744 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 6 ہزار 639 روپے کی سطح پر مستحکم رہی ہے۔

بقیہ نمبر 13

نے منگل کے روز سندھ اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقدہ سیسی کی 176 ویں گورننگ باڈی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکریٹری محنت سندھ ساجد علی ابڑو، کمشنر سیسی بادی بخش کلہوڑو، ارکان گورننگ باڈی برائے امپلائر جاوید بلوانی، انجینئر عبدالجبار، محمد دانش خان اور خلیل بلوچ جبکہ مزدوروں کی نمائندگی محترمہ زہرہ خان، محمد خان ابڑو، مختار حسین اعوان اور عبدالواحد شورو نے کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر سعادت میمن، ڈاکٹر کامران و دیگر بھی موجود تھے۔ اجلاس میں 175 گورننگ باڈی کے منٹس کی منظوری دی گ ئی۔ کمشنر سیسی نے 174 ویں گورننگ باڈی کے فیصلوں پر اب تک ہونے والے عملدرآمد سے سب کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں ایف بی آر کو ایڈوانس ٹیکس کی ہونے والی ادائیگی پر گذشتہ گورننگ باڈی کے اجلاس میں مانگی گئی رپورٹ پر بتایا گیا کہ اس سلسلے میں رپورٹ مرتب کرکے سیکرٹری محنت کو بھیج دی گئی ہے۔ جس پر گورننگ باڈی نے اس حوالے سے سیکرٹری محنت کو اس کی حتمی رپورٹ مرتب کرکے آئندہ گورننگ باڈی میں پیش کرنے کی ہدایات دی۔ اجلاس میں مختلف ادویات و میڈیکل سامان کی ترسیل کرنے والی کمپنیوں کے سال 2019-20، سال 2023-24 اور سال 2024-25 کی تھرڈ پارٹی فرانزک رپورٹ کے بعد اب تک کنفرم 3 کروڑ 36 لاکھ روپے کی ادائیگی کی منظوری دی اور اس سلسلے میں مذکورہ تھرڈ پارٹی فرم کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات اور تجاویز پر من و عن عمل درآمد کی بھی ہدایات دی۔ اجلاس میں مزدوروں کے میڈیکل بل کے معاوضہ کی 34 لاکھ روپے کی ادائیگی کی بھی منظوری دی اور تمام افسران کو پابند کیا گیا کہ مزدوروں کے میڈیکل بلز کے معاوضہ کی ادائیگی کا مکمل طریقہ کار آئندہ اجلاس میں سامنے لایا جائے۔ اجلاس میں سال 2025-26 کے نظرثانی بجٹ پر بھی تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں اس بات کو یقینی بنانے کی ہدایات کی گئی کہ مزدوروں کو فراہم کی جانے والی ادویات میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ آئے اور اس حوالے سے گورننگ باڈی نے جولائی کے لئے ایڈوانس ادویات کی خریداری کے لیے 15 کروڑ روپے کے بجٹ کی منظوری دی اور ہدایات دی کہ یہ ادویات اوپن مارکیٹ نہیں بلکہ ٹینڈرز کے ذریعے خریدی جائیں۔ اجلاس میں کمشنر سیسی نے بتایا کہ گورننگ باڈی کی منظوری کے بعد سیسی کے زیر انتظام سندھ بھر میں چلنے والی اسپتالوں کے لئے 3 سال کے کنٹریکٹ پر 60 کنسلٹنٹ اور ماہر ڈاکٹروں کو بھرتی کرنے کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔ اجلاس میں ری آرگنائزیشن کمیٹی کی سفارشات پر لوکل ڈائریکٹوریٹ کی تشکیل کو مکمل کرنے کی رپورٹ کی منظوری دی گئی ۔ اجلاس میں سیسی میں انٹرنشپ پروگرام کے تحت 25 افراد کو انٹرنشپ دینے کی سفارش پر گورننگ باڈی نے اس معاملہ کو ری آرگنائزیشن کمیٹی کے سپرد کرکے اس کی رپورٹ آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایات دی۔ اجلاس میں سیسی ملازمین کے لیو انکیشمنٹ کی بحالی کے ایجنڈے کا معاملہ سیسی کی فنانس کمیٹی کے سپرد کرتے ہوئے اس کے تمام قانونی تقاضوں کو دیکھتے ہوئے رپورٹ آئندہ اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایات دی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر نے کمشنر سیسی کو ہدایات دی کہ تمام ملازمین و افسران کی بائیومیٹرک حاضری کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے ۔ اجلاس میں صوبائی وزیر سعید غنی نے ہدایات دی کہ آئندہ مالی سال 2026-27 کا بجٹ مئی تک پیش کردیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سیسی میں تمام ادویات و دیگر میڈیکل آلات کی خریداری کا نظام صاف و شفاف بنایا جائے اور اوپن مارکیٹ سے ادویات کی خریداری کو فوری طور پر بند کیا جائے۔ سعید غنی نے ہدایات دی کہ گورننگ باڈی کے تمام فیصلوں پر من و عن عمل درآمد کیا جائے اور اجلاس میں ہونے والے تمام فیصلوں کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 14

جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ افتتاحی تقریب میں سلیم ایچ مانڈوی والا بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوئے۔ انہوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ماحول دوست توانائی کے فروغ کے لیے ایسے منصوبے وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پائیدار ترقی اب انتخاب نہیں بلکہ ناگزیر ضرورت بن چکی ہے، اور اس طرح کے اقدامات معیشت اور ماحول کے درمیان توازن قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ کمپنی کے مینجنگ ڈائریکٹر ہیروشی کاواموراتے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بائیوگیس اور سولر توانائی کے یہ منصوبے کمپنی کے ماحولیاتی اہداف کے حصول میں اہم سنگِ میل ہیں۔ ان کے مطابق یہ اقدامات نہ صرف گرین ہاس گیسوں کے اخراج میں کمی لائیں گے بلکہ توانائی کے اخراجات میں بھی بہتری پیدا کریں گے۔

بقیہ نمبر 15

مضبوط سعودی عرب پورے خطے میں امن واستحکام کو برقرار رکھنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ گورنر نے مزید کہا کہ ایک مسلم ملک کا دوسرے کے خلاف کوئی بھی معاندانہ اقدام اسلام کی بنیادی تعلیمات کے منافی ہے۔ اپنے بیان میں، انہوں نے علاقے میں امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی جانب سے کی جانے والی مخلصانہ اور جامع کوششوں کا ذکر کیا۔ گورنر ہاشمی نے خطے کے ممالک سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور امن کو برقرار رکھنے کے لیے ایک ذمہ دارانہ رویہ اپنائیں۔

بقیہ نمبر 16

جس کی مجموعی رقم 58 ارب 95 لاکھ 50 ہزار روپے سے زائد ہے۔ اس درخواست پر نیپرا 22 اپریل کو سماعت کرے گا۔ کمپنی نے درخواست میں مختلف مالی مدوں میں ایڈجسٹمنٹس کی تفصیلات پیش کی ہیں۔ ایکسچینج ریٹ اثرات اور ریٹرن آف ایکوئٹی کے تحت 11 ارب روپے سے زائد کی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست کی گئی ہے۔ ورکنگ کیپٹل کے اخراجات کے تحت مجموعی طور پر 33 ارب روپے سے زائد کی ایڈجسٹمنٹ کی منظوری بھی طلب کی گئی ہے۔ ٹیکس ادائیگیوں کے مختلف پہلوں میں کمپنی نے 15 ارب 33 کروڑ روپے اضافی وصول کرنے کی منظوری کی درخواست کی ہے۔ اس کے علاوہ سرمایہ کاری نہ ہونے کی مد میں 1 ارب 31 کروڑ روپے کی منفی ایڈجسٹمنٹ اور گزشتہ سالوں کے ٹیکس واجبات کے طور پر 7 ارب 49 کروڑ روپے (2023) اور 3 ارب روپے (2022) کی اضافی ٹیکس ذمہ داری شامل کی گئی ہے۔ پاور پرچیز کی سابقہ ایڈجسٹمنٹس کی مد میں 26 کروڑ روپے صارفین پر منتقل کرنے کی بھی درخواست کی گئی ہے۔ نیپرا سماعت کے دوران کے الیکٹرک کی جانب سے مانگی گئی ایڈجسٹمنٹس کے قوانین کے مطابق جائزے، سرمایہ کاری، آئی ڈی سی اثرات اور دیگر مالی دعووں کی تفصیلی جانچ پڑتال کرے گا۔ سماعت کے نتائج سے صارفین پر اضافی بلنگ کے اثرات واضح ہوں گے اور اس سے کے الیکٹرک کے مالی ڈھانچے پر بھی روشنی پڑے گی۔

بقیہ نمبر 17

پر حکومتی مئوقف پیش کیا گیا۔ قومی اسمبلی اجلاس میں سولر پینلز پر ٹیکس کے نفاذ کے خلاف توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا گیا، جسے پیپلز پارٹی کے رکن سید نوید قمر نے پیش کیا۔ وزیر مملکت ڈاکٹر شذرہ منصب علی کھرل نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ سولر پینلز پر ٹیکس 18 فیصد کے بجائے 10 فیصد کر دیا گیا ہے اور نئی پالیسی نئے صارفین کے لیے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سولر پر ٹیکس لگانے کی متعدد وجوہات ہیں۔ سید نوید قمر نے کہا کہ جب بجلی مہنگی ہے اور تیل سمیت آلودگی پھیلانے والے ذرائع سے پیدا کی جاتی ہے تو گرین توانائی کی حوصلہ شکنی کیوں کی جارہی ہے، کیا یہ اینٹی سولر پالیسی نہیں ہے؟ وزیر دفاع خواجہ آصف نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ سولر صارفین اور بجلی کے دیگر صارفین کے درمیان نازک توازن برقرار رکھنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر یہی ہے کہ سولر پر جایا جائے، تاہم کیپسٹی ادائیگیاں کرنا پڑتی ہیں جس سے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ کچھ عرصہ قبل آئی پی پیز سے بات چیت ہوئی تھی مگر زیادہ پیش رفت نہ ہو سکی، جبکہ بیس تیس سال پہلے ہماری اور پیپلز پارٹی کے ادوار میں آئی پی پیز سے کیے گئے معاہدوں کے باعث حکومت پابند ہے۔

بقیہ نمبر 18

نے گزشتہ سال اکتوبر میں ہونے والے بی سی بی انتخابات سے متعلق مختلف الزامات کی تحقیقات کی تھیں۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق حکومتی تحقیقاتی کمیٹی نے اپنی سفارشات وزارت کھیل میں ایک پریس بریفنگ کے دوران پیش کیں، جہاں انہوں نے بی سی بی انتخابات سے متعلق اپنی تحقیقات اور نتائج پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق 37 سالہ تمیم اقبال بی سی بی کے سب سے کم عمر صدر ہیں، تمیم اقبال 11 رکنی ایڈہاک کمیٹی کی قیادت کریں گے، جس میں سابق بنگلا دیشی کپتان منہاج الاسلام عابدین اور سابق کرکٹر و ٹی وی مبصر اطہر علی خان بھی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 19

ہو جاں اور کیوں مجھے ستارہ نہیں مل رہا۔ اداکار نے کہا کہ ان کا نام دو بار واپس بھیجا جا چکا ہے اور وہ انڈسٹری میں کام کرتے ہوئے 33 سال مکمل کر چکے ہیں، سنجیدہ سوال پر کہ ایسی کیا کمی رہ گئی تھی جس کے باعث ایوارڈ کے لیے نام نہیں آیا، فیصل قریشی نے دوبارہ طنز کرتے ہوئے کہا کہ مجھے کیلشیئم کی کمی رہ گئی ہے اس لیے ایوارڈ نہیں دے رہے۔ فیصل قریشی کا کہنا تھا کہ انہیں لوگوں نے بتایا ہے کہ تمغہ امتیاز کے لیے ای میلز کی جارہی ہیں، اور وہ سیاسی نہیں بلکہ محب وطن انسان ہیں، تاہم جب بھی کبھی تمغہ امتیاز کے لیے ان کا نام آئے گا، وہ اسے ضرور لیں گے۔

بقیہ نمبر 20

پاس شناختی کارڈ نہیں ہوگا، اس کی رجسٹریشن نہیں کی جائے گی۔ ہم ماہی گیری کی صنعت کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات دینا چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز کراچی فشریز ہاربر اتھارٹی کے کمیٹی روم میں اہم میٹنگز کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ میٹنگ، جو صوبائی فشریز ریگولیٹری ٹاسک فورس کے بارے میں تھی، اس میں صوبائی وزیر کے ساتھ ساتھ لائیو اسٹاک اینڈ فشریز کے پارلیمانی سیکریٹری ایم پی اے آصف خان، سیکریٹری لائیو اسٹاک اینڈ فشریز ڈاکٹر کاظم حسین جتوئی، چیئرپرسن فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی فاطمہ مجید، ڈائریکٹر جنرل میرین فشریز محکمہ حکومتِ پاکستان ڈاکٹر منصور وسان، ایم ڈی کراچی فشریز ہاربر اتھارٹی زاہد حسین کھیمٹیو، ڈائریکٹر جنرل سندھ میرین فشریز ڈاکٹر عاصم کریم، پاکستان کوسٹ گارڈ، میری ٹائم سیکیورٹی اور سندھ پولیس کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر کو میٹنگ کے دوران بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سندھ فشریز محکمے نے اب تک 7275 ماہی گیر رجسٹر کیے ہیں، جبکہ شکار کی 8253 کشتیوں (بوٹس) کی بھی رجسٹریشن کی گئی ہے۔ غیر قانونی ماہی گیری پر جرمانہ وصول کرنے والے قانون پر عملدرآمد ہونے کے بعد اب تک 35 لاکھ 73 ہزار روپے جرمانہ وصول کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر کو یہ بھی بتایا گیا کہ جیٹی کی رجسٹریشن کے لیے دو افراد نے اپنے کاغذات مکمل کر کے دیے ہیں؛ باقی جو بھی رجسٹریشن کے لیے درخواست دیتے ہیں، انہیں ہم جیٹیز پر ماہی گیروں کو تمام سہولیات فراہم کرنے کا پابند کرتے ہیں۔ جو ان شرائط کو پورا کریں گے، ہم انہیں رجسٹریشن دیں گے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ ہم ماہی گیری کے متعلق جو بھی چیزیں رجسٹر کریں گے، ہماری یہ کوشش ہوگی کہ وہ اصل ماہی گیروں کے حوالے کریں تاکہ وہ اپنے مقامی ماہی گیروں کے ساتھ مل کر اپنا اچھا گزر بسر کر سکیں۔

بقیہ نمبر 21

کے باوجود اسلحے کے بے دریغ استعمال کا سلسلہ بدستور جاری ہے اور تین روز میں 3 خواتین، نوعمر لڑکے سمیت 9 افراد زخمی ہو گئے، پولیس افسران شہر میں جرائم کی کمی کا دعویٰ کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں تو دوسری جانب شہر میں روز کی بنیاد پر اسلحے کے بے دریغ استعمال کا خمیازہ شہری سڑکوں اور گھروں میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولیاں لگنے سے زخمی ہوکر برداشت کررہے ہیں۔ زمان ٹاؤن کے علاقے کورنگی 5 نمبر غوث پاک روڈ ملک شاپ کے قریب فائرنگ سے 22 سالہ ایان شدید زخمی ہو گیا جسے چھیپا کے رضا کاروں نے تشویشناک حالت میں جناح اسپتال پہنچایا۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ نوجوان کو سینے پر گولی لگی ہے جس کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ بلدیہ چوبیس کی مارکیٹ کے قریب فائرنگ سے 45 سالہ شیرین زوجہ عزیز الرحمٰن زخمی ہوگئی۔ لیاقت آباد کے علاقے 10 نمبر الاعظم اسکوائر کے قریب فائرنگ سے 52 سالہ جمیلہ بیگم زوجہ اقبال زخمی ہوگئی، نارتھ کراچی سیکٹر فائیو اے ٹو قادری مسجد کے قریب فائرنگ سے 27 سالہ بلال احمد زخمی ہوگیا۔ چاکیواڑہ غلام محمد بس اسٹاپ کے قریب فائرنگ سے 12 سالہ مزمل ولد محسن زخمی ہوگیا، گبول ٹاؤن کے علاقے نیو کراچی میں فائرنگ سے 30 سالہ مرتضیٰ زخمی ہوا، چاکیواڑہ کے علاقے عثمان پارک کے قریب فائرنگ سے 28 سالہ نعمان زخمی ہوگیا۔ اس کے علاوہ پاپوش نگر میں چاندنی چوک کے قریب 74 سالہ نصیر زخمی ہوا، اورنگی ٹاؤن سیکٹر 13 خضر مسجد کے قریب فائرنگ سے 39 سالہ نجمہ زوجہ نوید زخمی ہوگئی۔ فائرنگ سے 3 خواتین اور نوعمر لڑکے سمیت 9 افراد کے زخمی ہونے کے واقعات 4 اپریل سے 6 اپریل کے درمیان پیش آئے۔ اس حوالے سے ترجمان کراچی پولیس کی جانب سے جاری میسج میں شہریوں کے زخمی ہونے کے واقعات نامعلوم سمت سے آنے والی گولیاں لگنے سے پیش آنے کے بتائے گئے ہیں جس کی متعلقہ تھانے کی پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب عوام اسٹریٹ کرمنلز سے عاجز ہیں تو دوسری جانب نامعلوم سمت سے چلنے والی گولیوں سے بھی شہری خوف کا شکار ہیں جبکہ پولیس شہر میں روز کی بنیاد پر اسلحے کے بے دریغ استعمال پر قابو پانے میں ناکام دکھائی دیتی ہے جس کا خمیازہ شہری نامعلوم سمتوں سے آنے والی گولیوں سے زخمی ہوکر برداشت کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 22

پولیس اہلکار کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ٹریفک پولیس اہلکار امتیاز کا کہنا ہے کہ پیٹرول مہنگا ہوگیا ہے، اس لیے سفری اخراجات کم کرنے کے لیے سائیکل پر ڈیوٹی کے لیے آرہا ہوں۔ دوسری جانب مہنگا پیٹرول اور بڑھتے اخراجات سے پریشان ایس ایس یو کمانڈوز کی ویڈیو بھی سامنے آ گئی۔ ایس ایس یو اہلکار کا کہنا ہے کہ سڑکوں کی بری حالت کی وجہ سے گاڑیاں بھی خراب ہو جاتی ہیں، اہلکار کا کہنا ہے کہ پیٹرول بہت مہنگا ہے جس کی وجہ سے سخت مشکلات کا شکار ہیں۔ ایس ایس یو اہلکار نے درخواست کی ہے کہ انہیں کچھ ریلیف دیا جائے۔

بقیہ نمبر 23

ہی سستا، جہاز گزرنے کی وجہ سے آج ملک میں تیل دستیاب ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ وزیراعظم نے ڈیزل سے لیوی اٹھا کر پٹرول پر کردی ہے، آج دنیا میں ڈیزل سب سے زیادہ مہنگا ہے مگر پاکستان میں ڈیزل پر اس وقت کسی قسم کی کوئی لیوی نہیں لی جارہی۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ شہباز شریف کی کابینہ پر کھلی عدالت میں کرپشن کا مقدمہ چلا کر دیکھیں، احتجاج آپ کا جمہوری حق ہے آپ کریں مگر اس وقت عالمی دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم نے وفاقی حکومت کے بجٹ میں 50 فیصد کٹوتی کی جبکہ کابینہ اراکین کی گاڑیاں چھوڑ دی ہیں، تمام سرکاری دفاتر کے فیول کا خرچ پچاس فیصد کم کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 24

دھماکے سے شہریوں کی ہلاکت کے کیس کی سماعت ہوئی جس میں عدالت نے اہم فیصلہ سنا دیا۔ عدالت کے مطابق گیس لیکج کے باعث دھماکہ ہوا اور کمپنی اس کی روک تھام میں ناکام رہی، جبکہ گیس کی ترسیل کرنے والا ادارہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کا پابند ہے۔ درخواست گزار کے وکیل عثمان فاروق ایڈووکیٹ نے مئوقف اختیار کیا کہ اکتوبر 2022 میں گیس لیکج کے باعث گھر میں دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں درخواست گزار کے والدین جاں بحق ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں گیس لیکج کی متعدد شکایات کے باوجود لائن کی مرمت نہیں کی گئی۔ دوسری جانب ایس ایس جی سی کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ گیس لیکج کمپنی کی لائن سے نہیں ہوئی اور دعویٰ قابل سماعت نہیں، جبکہ درخواست گزار کمپنی کا صارف بھی نہیں ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ ایس ایس جی سی کے گواہ نے درخواست گزار کی جانب سے پیش کردہ گیس بل کو درست تسلیم کیا، گیس لیکج کے باعث دھماکہ ہوا اور کمپنی اس کی روک تھام میں ناکام رہی۔ عدالت نے قرار دیا کہ ادارے کی غفلت کے سنگین نتائج برآمد ہوئے، گیس کی ترسیل کرنے والا ادارہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کا پابند ہے، سوئی سدرن ایک ماہ کے اندر مدعیہ کو 3 کروڑ روپے بطور ہرجانہ ادا کرے۔

بقیہ نمبر 25

کیلئے منصوبوں کو جاری رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں، انہیں زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے کے لیے حکومت کے اقدامات کسی بھی طرح متاثر نہیں ہوں گے۔ وہ چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خاں سے گفتگو کر رہے تھے جنہوں نے منگل کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں چیئرمین یوتھ پروگرام نے وزیراعظم کو یوتھ پروگرام کے تحت مختلف منصوبوں کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے اور نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے کے لیے کوششوں میں مزید اضافہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان ہماری قوم کا مستقبل ہیں، انہیں ملازمت، تعلیم، تکنیکی تربیت اور دیگر مواقع فراہم کرنا حکومت پاکستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ہم نوجوانوں کو عالمی مارکیٹ میں بہترین افرادی قوت کے طور پر متعارف کرانے کے لیے کوشاں ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ خطے میں کشیدگی اور معاشی صورتحال و دباؤ کے باعث نوجوانوں کی ترقی اور فلاح و بہبود کے منصوبے متاثر نہیں ہوں گے۔

بقیہ نمبر 26

کرتا ہے، بار بار نشاندہی کر رہے ہیں کہ اسلامی ممالک کو اسرائیل کے خلاف یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، اسلامی ممالک کو ایک اسلامی بلاک کی تشکیل کی طرف جانا ہوگا۔

بقیہ نمبر 27

کیا گیا۔ ملاقات کے دوران امیر جماعت اسلامی نے ایرانی قوم کی استقامت اور شجاعت کو خراج تحسین پیش کیا، جبکہ ایرانی سفیر نے پاکستانی قوم، حکومت اور جماعت اسلامی کے واضح مئوقف پر شکریہ ادا کیا۔ حافظ نعیم الرحمٰن کا اس موقع پر کہنا تھا کہ مشکل کی گھڑی میں پوری پاکستانی قوم اپنے ایرانی بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے اور مسلم ممالک کو اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ ایران پر حملے بند کرے اور خطے سے اپنے اڈے ختم کرے، جبکہ فلسطین کی آزادی، خودمختار ریاست کے قیام اور مسجد اقصیٰ کی آزادی تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 28

بیجنگ امن کے حصول میں مددگار تمام کوششوں کا خیر مقدم کرتا ہے، مذاکراتی عمل کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کے فعال کردار کو سراہتے ہیں۔ چینی دفتر خارجہ نے زور دیا کہ فریقین اختلافات کو بات چیت کے ذریعے ختم کریں۔ ادھر پاکستان میں ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا ہے کہ جنگ کو روکنے کے لیے نیک نیتی اور ثالثی کے تحت پاکستان کی مثبت اور تعمیری کوششیں ایک اہم اور نازک مرحلے میں داخل ہو چکی ہیں۔ قبل ازیں ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کی جانب سے یہ خبر آئی کہ ایران نے امریکا کے ساتھ جاری جنگ کو مستقل بنیادوں پر ختم کرنے کے مقصد سے پاکستان کو امن تجاویز پیش کی ہیں۔ ارنا کے مطابق ایرانی وفد نے امریکی تجاویز کے جواب میں اپنی سفارشات پیش کر دی ہیں، جنہیں جمع کرانے سے قبل ایرانی قیادت نے تقریباً دو ہفتوں تک تفصیلی جائزے کے بعد حتمی شکل دی۔

بقیہ نمبر 29

کے ساتھ براہ راست رابطے معطل کیے ہیں۔ ادھر امریکی محکمہ خارجہ نے بحرین میں امریکی شہریوں کو محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت کردی ہے۔ اس سے قبل برطانوی خبر ایجنسی نے سینئر ایرانی ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا تھا کہ ایران نے امریکا کے ساتھ کسی بھی عارضی جنگ بندی کو مسترد کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 30

کیا معاہدہ ہوا ہے لیکن ہمیں حرمین شریفین کی حفاظت کے معاہدے پر فخر ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے اڈیالہ روڈ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 2025 کے بعد پاکستان کا اسٹیٹس کافی تبدیل ہوا ہے، جس انداز سے دنیا پاکستان کو دیکھ رہی ہے، امریکا اور یورپ کی پاکستان کی جانب اپروچ تبدیل ہوئی ہے، یہ سب پاکستانی عوام کی یک جہتی، سپورٹ اور افواج پاکستان کی بہادری کی وجہ سے ہوا ہے اور پاکستان کا مکمل اسٹیٹس تبدیل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں جنگ سے لوگ متاثر ہو رہے ہیں، سمجھتے ہیں جنگ نہیں ہونی چاہیے، کل اسپیکر قومی اسمبلی سے کہا کہ پاکستان اس میں کیا کردار ادا کر رہا ہے، ہم چاہتے ہیں پاکستان بہترین کردار ادا کرے لیکن ہمیں بتائیں تو صحیح کیا مذاکرات ہو رہے ہیں، پاکستان کا کیا کردار ہے اور آپ جو ثالثی کررہے ہیں وہ کس مرحلے پر ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ معاہدہ ہوا، حرمین شریفین کی حفاظت کے معاہدے پر فخر ہے، بانی پی ٹی آئی نے بھی کہا اور سب نے کہا سعودی عرب کے ساتھ معاہدہ بہت اچھا ہے لیکن ہمیں حکومت نے آج تک نہیں بتایا کہ سعودی معاہدہ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم ایک سیاسی جماعت ہیں، سیاسی سوچ رکھتے ہیں، تحریک بھی چلائیں گے، احتجاج کریں گے اور عدالتوں میں جائیں گے جبکہ ملاقاتیں نہ ہونا افسوس ناک ہے، ہماری ملاقاتیں اکتوبر سے نہیں ہو رہی ہیں اور جنوری سے سارے تشویش کا شکار ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرا خیال تھا کہ وقت کے ساتھ لوگ دو دو قدم پیچھے ہوجائیں گے لیکن ہمیں ایک انچ کی اسپیس نہیں مل رہی ہے، اگر آپ سوچ رہے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی اور عوام کے درمیان تفرقہ ڈال دیں گے تو یہ آپ کی غلط سوچ ہے، برائے مہربانی ملک پر رحم کریں۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کا شکریہ آج انہوں نے ملاقات کا حکم دیا ہے، دیکھتے ہیں کل ملاقات کراتے ہیں یا نہیں، وکیل کی ملاقات کافی نہیں، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی فیملی ملاقات بھی ہونی چاہیے، بہنوں نے یہاں تک کہا کہ ملاقات کے بعد پریس ٹاک تک نہیں کریں گی لیکن یہ بات بھی نہیں مانی گئی۔

بقیہ نمبر 31

سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس میں دونوں رہنماؤں نے خطے میں جاری کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے جاری حملوں کے تناظر میں سعودی عرب کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی اور مکمل حمایت کا اعادہ کیا اور آج سعودی عرب میں الجبیل آئل فسیلیٹی پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کی۔ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ انہوں نے ولی عہد کو یقین دلایا کہ پاکستان کی حکومت اور عوام ہمیشہ اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے، جس طرح سعودی قیادت اور عوام نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ شہباز شریف نے موجودہ کشیدگی کے دوران سعودی قیادت کی جانب سے تحمل اور دانشمندی کے مظاہرے کو سراہا اور کہا کہ پاکستان دیگر ممالک کے ساتھ مل کر امن کی کوششوں کو کامیاب بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ اعلامیہ میں مزید بتایا گیا کہ وزیراعظم نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال میں کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کی سفارتی کاوشوں سے بھی ولی عہد کو آگاہ کیا اور خادم الحرمین الشریفین، شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے نیک تمناؤں اور پرتپاک سلام کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ نمبر 32

دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ پاکستان متاثرہ خاندانوں سے دلی تعزیت کرتا ہے، پاکستان سعودی عرب کے عوام اور حکومت سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی سلامتی و دفاع کیلئے غیر متزلزل حمایت کا اعلان کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ عالمی برادری علاقائی امن خطرے میں ڈالنے والے اقدامات کا نوٹس لے، پاکستان مشکل گھڑی میں سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ نمبر 33

مسافروں، کارگو اور بزنس کو مدنظر رکھتے ہوئے پلاننگ کی گئی۔ منصوبے میں بین الاقوامی معیار کا کارگو سیکشن تعمیر کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 34

سعودیہ عرب کے سادارا کمپلیکس اور دیگر تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا۔ سادارا کمپلیکس میں سعودی آرامکو اور ڈا کی 20 ارب ڈالر کی مشترکہ سرمایہ کاری ہے۔ سعودی وزارت دفاع کے مطابق مشرقی صوبے کی جانب داغے گئے 7 بیلسٹک میزائلوں کو فضائی دفاع نے ناکارہ بنایا تاہم مارگرائے جانے میزائلوں کا ملبہ گرنے سے توانائی کے بعض ہلکے انفراسٹرکچر کے قریب نقصان ہوا۔

بقیہ نمبر 35

عوام کے ریلیف کیلئے 35 ارب روپے کا پیکج دیا ہے، تاجروں کو ناراض کر کے کوئی فیصلہ نہیں کریں گے، سب سے زیادہ اہمیت کسان کو دی گئی ہے، 25 ایکڑ تک زمین رکھنے والے کسانوں کو پیسے ملنا شروع ہوگئے ہیں، 1500 روپے فی ایکڑ پر کسان کو مل رہے ہیں، ان کا ڈیٹا ہمارے پاس ہے۔ شرجیل میمن کا کہنا تھا کہ دوسرے نمبر پر موٹر سائیکل والوں کو سہولت دی گئی ہے، روزانہ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کے دفاتر کھلے ہیں، کل سے آج تک 15000 سے زائد لوگوں نے اپنے کوائف جمع کروائے ہیں، 6.7 ملین لوگوں کو 2 ہزار روپے فی اکاؤنٹ فراہم ہوں گے۔ سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ سندھ میں ٹرانسپورٹرز کو سبسڈی دی جارہی ہے، یہ واحد صوبہ ہے جو پرائیویٹ بسوں میں بھی سبسڈی دے رہا ہے۔

بقیہ نمبر 36

جب وہ تکلیف میں تھے، عمران خان کے ساتھ دوستی کا وعدہ کیا ہے، یہ اتحاد قائم ہے اور قائم رہے گا۔ اپوزیشن لیڈر نے مزید کہا کہ میرا اور سینیٹر علامہ ناصر کا بانی پی ٹی آئی سے اس وقت تک اتحاد ہے جب تک وہ باعزت بری ہوکر نہیں آتے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ علامہ ناصر عباس اور میں نے بار بار کہا دوسروں کے بچے اور بچیوں کو مروانے کے لیے نہیں بیٹھے، ہم مزاحمت کریں گے مگر کسی کی جان کا سودا نہیں کریں گے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ سہیل آفریدی نے کسی جلسے کے اعلان سے قبل اپوزیشن سے رابطہ نہیں کیا، ہمیں پی ٹی آئی نے بتایا تھا بانی پی ٹی آئی کا حکم ہے بغیر این او سی کہیں جلسہ نہیں کرنا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اجلاس بلالیا ہے، جلسے کے حوالے سے اتحاد کے قائدین مشاورت کریں گے۔

بقیہ نمبر 37

والے معصوم شہریوں کے لیے فاتحہ خوانی کی اور شہدا کی بے مثال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا کہ شہدا کی لازوال قربانیاں پاکستان کی سلامتی کی اساس ہے۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ حکومت، مسلح افواج، عوام کے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ذریعے پاکستان اپنی سکیورٹی کے حوالے سے کامیابیوں کو مزید مستحکم، معاشی استحکام کو مضبوط اور علاقائی و عالمی سطح پر اپنی حیثیت کو بہتر بنانے میں گامزن ہے۔ شرکا کانفرنس کا کہنا تھا کہ بھارت اور دیگر بیرونی سرپرستوں کی ایما پر کام کرنے والے تمام دہشت گرد پراکسی عناصر، ان کے سہولت کاروں اور معاونین سمیت، بلا امتیاز اور مسلسل تعاقب کے ذریعے ختم کیے جائیں گے۔ فورم نے کہا ہے کہ آپریشن غضب للحق کی رفتار برقرار رکھی جائے گی یہاں تک کہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہوں کا مکمل خاتمہ ہو جائے اور پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کے استعمال کو فیصلہ کن طور پر مکمل ختم نہ کر دیا جائے۔ شرکا کانفرنس نے مشرق وسطی میں جنگ کے خاتمے کے لیے حکومت کی بھرپور کوششوں کو سراہا اور کہا کہ پاکستان تحمل، مذاکرات، کشیدگی میں کمی اور اصولی سفارت کاری کیلئے پرعزم ہے، ایک ذمہ دار سٹیک ہولڈر کے طور پر پاکستان علاقائی سلامتی کے استحکام کے طور پر فعال ریجنل سکیورٹی سٹیبلائزر کا کردار ادا کر رہا ہے۔ اسی طرح فورم نے بھارت کی جانب سے منسوب مسلسل گمراہ کن معلومات، بے بنیاد الزامات اور جھوٹے فلیگ آپریشنز کے بیانیے کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے ہتھکنڈے عالمی سطح پر بے نقاب ہو چکے ہیں۔ فورم میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارت کی انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں اور ماورائے عدالت اموات چھپانا اور جعلی مقابلوں پر بھی تشویش کا اظہار کیا جب کہ کانفرنس کے اختتام پر فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز نے کمانڈرز کو آپریشنل تیاری، نظم وضبط، تربیت، جسمانی فٹنس، نئی جدتیں اور میدان جنگ میں پیشہ ورانہ مہارت کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ علاوہ ازیں فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز نے مسلح افواج کی ہر قسم کے خطرات کا مقابلہ کرنے اور پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کو یقینی بنانے کی صلاحیت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 38

دیتے ہوئے کہا کہ قانونی پیچیدگیوں کا خاتمہ، اپیلٹ ٹریبونل کی بہتری اور صنعت کاروں کی سہولت کے لئے اقدامات یقینی بنائیں۔ شہباز شریف نے انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، عالمی معیار کے مطابق عملے کی تربیت اور پیشہ ور ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں بین الاقوامی بہترین اطوار اپنا کر کمیشن کی کارکردگی کو جدید خطوط پر استوار کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ چیئرمین نیشنل ٹیرف کمیشن نے وزیراعظم شہباز شریف سے منظور شدہ روڈ میپ کے تحت جاری قانونی، انتظامی اور مالی اصلاحات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر اور دیگر متعلقہ سرکاری عہدیداران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 39

تک 1 کروڑ 40 لاکھ سے زائد قابل فخر ایرانیوں نے وطن کے دفاع میں اپنی جانیں قربان کرنے کے لیے تیار ہونے کا اعلان کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری کیے گئے بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ میں خود بھی ایران کے لیے قربانی دینے والوں میں شامل ہوں اور ہمیشہ رہوں گا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق ایک سینئر ایرانی عہدیدار نے بتایا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان پاکستان کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ جاری ہے تاہم تہران اس وقت تک کسی لچک کا مظاہرہ نہیں کرے گا جب تک امریکا ایران سے دباؤ کے تحت ہتھیار ڈالنے کا مطالبہ کرتا رہے گا۔ نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بات کرنے والے ذریعے کے مطابق قطر نے پیر کے روز تہران کا پیغام امریکا اور خطے کے دیگر ممالک تک پہنچایا جس میں کہا گیا کہ اگر امریکا نے ایران کے بجلی گھروں کو نشانہ بنایا تو ایران کے جوابی حملوں کے نتیجے میں پورا خطہ اور سعودی عرب مکمل اندھیرے میں ڈوب جائے گا۔ ذرائع نے مزید خبردار کیا کہ اگر صورتحال قابو سے باہر ہوئی تو ایران کے اتحادی آبنائے باب المندب آبنائے کو بھی بند کردیں گے۔

بقیہ نمبر 40

19 ہزار عازمین حج مستفید ہوں گے۔ حج آپریشن کے دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کل (بدھ سے ہورہا ہے، جس میں اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ، سکھر اور رحیم یار خان کے حاجی کیمپ فعال رہیں گے۔ اس ون ونڈو آپریشن کے تحت عازمین کو ایک ہی چھت تلے حج تربیت اور لازمی ویکسینیشن کے ساتھ ساتھ ہوائی ٹکٹ، ویزا، شناختی لاکٹ، لگیج ٹیگز اور ادویات کی پیکنگ جیسی تمام سہولیات فراہم کی جائیں گی تاکہ انہیں بار بار دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ ترجمان مذہبی امور عمر بٹ کے مطابق عازمین کے لیے ویکسینیشن اور تربیتی سیشن کا مکمل شیڈول پاک حج ایپ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 41

لیاقت آباد سی ایریا میں مقابلے کے دوران 2 ڈاکوں کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا۔ زخمی ملزمان کو فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ان کی شناخت سلمان اور بلال کے ناموں سے ہوئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کے قبضے سے دو پستول، موبائل فونز، نقد رقم اور ایک موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ ادھر عزیز آباد پولیس نے بلاک 8 گلشن شمیم کے قریب کارروائی کرتے ہوئے ایک زخمی ڈاکو کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ملزم محمد نور کو بھی طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ اس کے قبضے سے اسلحہ، موٹر سائیکل اور دیگر سامان برآمد ہوا۔ دوسری جانب عزیز بھٹی پولیس نے گلشن اقبال بلاک 10 میں مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان کو گرفتار کیا، جن میں ایک زخمی شامل ہے۔ زخمی ملزم ارباب کو اسپتال منتقل کیا گیا جبکہ دوسرے ملزم سکندر کو تھانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کی گئی۔

بقیہ نمبر 42

آئس برآمد کرلی گئی، اس کے علاوہ 300 گرام ہیروئن، 2.380 کلوگرام وزنی 4500 ایکسٹیسی گولیاں بھی برآمد ہوئی۔ ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں جبکہ مزید تحقیقات جاری ہے۔

بقیہ نمبر 43

شخصیت اور سابق رکن قومی اسمبلی میر احمد نواز المعروف بابل خان جکھرانی طویل علالت کے بعد کراچی کی نجی اسپتال میں انتقال کر گئے ان کے انتقال کی خبر سن کر سیاسی وسماجی حلقوں میں گہرے رنج وغم کی لہر دوڑ گئی، میر بابل خان جکھرانی ایک منجھے ہوئے اور تجربہ کار سیاستدان تھے جنہوں نے قومی اور صوبائی سطح پر سیاست میں بھرپور کردار ادا کیا، انہوں نے 1988، 1990، 1993 اور 1997 کے عام انتخابات میں حصہ لیا وہ پہلی مرتبہ 1988 میں حلقہ پی ایس 13 جیکب آباد سے سندھ اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے جبکہ 1993 میں حلقہ این اے 156 جیکب آباد سے قومی اسمبلی کے رکن بنے، انہوں نے 1990 میں صوبائی اسمبلی اور 1997 میں قومی اسمبلی کے انتخابات میں بھی حصہ لیا تھا تاہم ان انتخابات میں کامیابی حاصل نہ کر سکے، سیاسی تجزیہ کاروں کے مطابق میر بابل خان جکھرانی کی وفات سے ضلع جیکب آباد کی سیاست میں ایک بڑا خلا پیدا ہوگیا ہے وہ روایتی سیاست کے ایک مضبوط اور بااثر رہنما تھے اور انتخابی سیاست کے پیچیدہ مراحل سے بخوبی واقف تھے، ان کی وفات کو علاقے کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان قرار دیا جارہا ہے، شہر کی سیاسی، سماجی ، ودینی تنظیموں کے رہنماؤں نے اپنے تعزیتی بیان میں میر بابل خان جکھرانی کی وفات پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم کی سیاسی وسماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر 44

فوری ریلیف کا مطالبہ کیا ہے۔ چیئرمین سندھ تاجر اتحاد شیخ حبیب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں نے قیمتوں میں اضافے سے عوام کی کمر توڑ دی ہے، کراچی کی ساڑھے تین کروڑ عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا، وفاقی حکومت سے اپیل کی کہ مہنگائی کا بوجھ کم کیا جائے۔ تاجر رہنما نے شہر میں ٹریفک کا دباؤ کم کرنے کے لیے مارکیٹیں شام 7 بجے بند کرنے کی تجویز دی جبکہ شادی ہالز کو رات 11 بجے تک بند کرنے کا پابند کیا جائے۔ انھوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ سندھ سے ملاقات ہوئی ہے، جس کے بعد جلد اہم فیصلے متوقع ہیں تاہم شہر میں ٹریفک کا دباؤ کم کرنے کے لیے مارکیٹیں شام 7 بجے بند کرنے کی تجویز پر تاجر تقسیم نظر آئے۔ صدر الائنس کے رہنما فہیم نوری اور دیگر تاجر برادری نے شام 7 بجے مارکیٹیں بند کرنے کی تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صدر کی مارکیٹیں ساڑھے 8 بجے سے پہلے کسی صورت بند نہیں ہوں گی، اگر حکومت رات 8 سے 9 بجے کے درمیان مارکیٹیں بند کرنے کا کہے تو ہمیں یہ فیصلہ منظور ہے، لیکن 7 بجے کی ڈیڈ لائن تسلیم نہیں کی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ سندھ حکومت بزنس کمیونٹی کے ساتھ تعاون کرے اور ایسے فیصلے نہ تھوپے جائیں جن سے کاروبار متاثر ہو۔ تاجر رہنماؤں کا کہنا ہے کہ معاشی بدحالی کے اس دور میں مزید پابندیاں کاروبار کو تباہ کردیں گی، لہٰذا حکومت کو کوئی بھی حتمی فیصلہ کرنے سے پہلے تاجروں کو اعتماد میں لینا چاہیے۔

بقیہ نمبر 45

تیار ہونے کا اعلان کرچکے ہیں۔ مائیکرو بلاگنگ ویب سائٹ ایکس پر ٹوئٹ کرتے ہوئے ایرانی صدر نے کہا میں خود بھی ایران کے لیے قربانی دینے والوں میں شامل ہوں اور رہوں گا۔ واضح رہے کہ ایران نے عارضی جنگ بندی مسترد کرتے ہوئے اپنے مطالبات پیش کردیے۔ ایران نے عارضی جنگ بندی مسترد کرتے ہوئے تنازع کا مستقل خاتمہ، پابندیوں کا خاتمہ اور اسرائیل وامریکی حملوں سے ہوئے نقصانات کا ازالہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب ایران نے امریکی تجاویز پر اپنا ردعمل پاکستان کو بھجوادیا ہے اور سینئر ایرانی عہدیدار نے پاکستان کی جانب سے جنگ بندی کی تجویز موصول ہونے کی تصدیق بھی کی ہے۔

بقیہ نمبر 46

حالات کے مطابق تبدیل کیے جانے کا امکان ہے۔ آئندہ بجٹ میں افراط زر، مالیاتی خسارے سمیت اہم اہداف متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کی تین سالہ بجٹ حکمت عملی سے اہداف بری طرح متاثر ہوسکتے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگلے مالی سال کے لیے بجٹ سازی پر کام تیز کردیا گیا ہے اور رواں ماہ سالانہ منصوبہ بندی رابطہ کمیٹی کے اجلاس متوقع ہیں اور بجٹ سازی کا عمل مکمل کرکے جون کے پہلے عشرے بجٹ پارلیمنٹ میں پیش کئے جانے کا امکان ہے۔

اسلام آباد ہائیکورٹ کا سلمان صفدر کی بانی سے ملاقات کرانیکا حکم

چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل بنچ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت کی

نیب کے سپیشل پراسیکیوٹر جاوید اشرف اور رافع مقصود جبکہ بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے اور دلائل کا آغاز کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت کے دوران اسلام آباد ہائیکورٹ نے وکیل سلمان صفدر کی بانی پی ٹی آئی عمران خان سے آج 2 بجے ملاقات کرانے کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل بنچ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت کی۔ نیب کے سپیشل پراسیکیوٹر جاوید اشرف اور رافع مقصود جبکہ بانی پی ٹی آئی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے اور دلائل کا آغاز کیا۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے سلمان صفدر سے متفرق درخواست سے متعلق استفسار کیا، جس پر وکیل نے عمران خان سے ملاقات کی اجازت مانگی، عدالت نے متفرق درخواست منظور کرتے ہوئے جیل حکام کو سلمان صفدر کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کرانے کا حکم دیا، سلمان صفدر کی درخواست پر عدالت نے ملاقات کل دوپہر 2 بجے کرانے کی ہدایت جاری کی۔ سپیشل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

خواجہ آصف ایک سوشل میڈیا ٹرول سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتے، فواد چودھری

لاہور (ویب ڈیسک) سابق وفاقی وزیر خواجہ آصف کا کہنا ہے ویسے تو خواجہ آصف ایک سوشل میڈیا ٹرول سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتے لیکن کیا وہ بتائیں گے کہ عمران خان کی حکومت میں کتنے وی آئی پی جہاز اور بجلی کا پٹر خریدے گئے؟ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے خود ہی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

پاکستان نے 1.43 ارب ڈالر کا قرض بروقت ادا کردیا

اکتوبر میں برآمدات 2.975 ارب ڈالر رہیں، سالانہ تجارتی خسارہ 6 فیصد کم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے 1.43 ارب ڈالر کا قرض بروقت ادا کر دیا۔ وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد کے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان کے مطابق 8 اپریل کو واجب الادا 1.3 ارب ڈالر کا یورو بانڈ مکمل طور پر ادا کر دیا گیا، جبکہ دیگر یورو بانڈز پر 126 ملین ڈالر سے زائد سود کی ادائیگی بھی کر دی گئی، جس سے مجموعی ادائیگی 1.42 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی۔ خرم شہزاد نے کہا کہ قرض کی تمام ادائیگیاں معمول کے مطابق اور بغیر کسی دباؤ کے مکمل کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

مقامی حکومت کا محکمہ کراچی میں ایم اے جناح روڈ پر تیز رفتار تعمیراتی منصوبوں کی نگرانی کر رہا ہے

آبنائے ہرمز سے جہاز گزرنے کی وجہ سے تیل مفت یا سستا نہیں ملے گا، وزیر قانون

پڑوسی ملک سے تعلقات کیوجہ سے جہاز گزرنے کی اجازت ملی جس کی وجہ سے آج ملک میں تیل دستیاب ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے جہاز گزرنے کی وجہ سے تیل مفت ملے گا اور نہ ہی سستا۔ سینیٹ اجلاس میں جمعیت علما اسلام کے رکن مولانا عطا الرحمان کے خطاب کے جواب میں وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ 28 فروری سے پہلے کروڈ آئل کی قیمت کچھ اور جبکہ آج کچھ زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمسایہ ملک سے تعلقات کی وجہ سے جہاز نکالے گئے مگر آبنائے ہرمز سے جہاز نکلنے سے تیل مفت دے سکتے ہیں اور نہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

عوامی رکشہ یونین نے لاہور میں ضروری اشیا اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے خلاف احتجاج کیا

ٹریفک پولیس اہلکار کا ڈیوٹی پر آنے جانے کیلئے سائیکل کا استعمال

سفری اخراجات کم کرنے کے لیے سائیکل پر ڈیوٹی کے لیے آ رہا ہوں، ٹریفک پولیس اہلکار

کراچی (ویب ڈیسک) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے پریشان ٹریفک پولیس اہلکار نے ڈیوٹی پر آنے جانے کے لیے سائیکل کا استعمال شروع کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے عام شہریوں کے ساتھ ساتھ ٹریفک پولیس اہلکار بھی پریشان ہونے لگے، پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں سے تنگ کراچی ٹریفک پولیس اہلکار نے ڈیوٹی پر آنے اور جانے کے لیے سائیکل کا استعمال شروع کر دیا۔ ٹریفک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

مشہور اداکار فیصل قریشی کا تمغہ امتیاز نہ ملنے پر اپنی ناراضگی کا طنزیہ انداز میں اظہار

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کے مایہ ناز اداکار فیصل قریشی نے تمغہ امتیاز نہ ملنے پر اپنی ناراضگی کا طنزیہ انداز میں اظہار کیا۔ حال ہی میں دیے گئے ایک انٹرویو میں میزبان نے اداکار سے سوال کیا کہ کیا انہیں عنقریب ستارہ امتیاز ملنے والا ہے، جس پر فیصل قریشی نے طنز کرتے ہوئے جواب دیا کہ میں سوچ رہا ہوں کہ امتیاز شاپنگ سپر سٹور میں جا کر کھڑا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

سابق رکن قومی اسمبلی میر بابل خان جکھرانی انتقال کر گئے

جیکب آباد (ویب ڈیسک) رکن قومی اسمبلی اعجاز جکھرانی کے والد سابق رکن قومی اسمبلی میر بابل خان جکھرانی انتقال کر گئے۔ تفصیلات کے مطابق رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی کے والد ضلع جیکب آباد کی معروف سیاسی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

اے این ایف کی کارروائیاں، منشیات برآمد، 8 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف شہروں میں 8 کارروائیوں کے دوران 164.38 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ اے این ایف کے ترجمان نے بتایا کہ یہ کارروائیاں لاہور، شیخوپورہ، کراچی، راولپنڈی اور گوادر میں کی گئیں ہیں۔ حکام کے مطابق کارروائیوں میں 148 کلو 103 گرام چرس، 13 کلو 600 گرام .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

حکمرانوں نے عوام کی کمر توڑ دی، کراچی کی ساڑھے تین کروڑ عوام کو کوئی ریلیف نہیں مل رہا، تاجر برادری

کراچی (ویب ڈیسک) مارکیٹیں 7 بجے بند کرنے کی تجویز پر تاجر برادری میں پھوٹ پڑ گئی، تاجر رہنما نے شہر میں ٹریفک کا دباؤ کم کرنے کے لیے مارکیٹیں شام 7 بجے بند کرنے کی تجویز دی تاہم دیگر تاجروں نے تجویز کو مسترد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ کی تاجر برادری نے پیٹرولیم مصنوعات اور اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

مسافر بھیڑ بھری وین پر خطرناک طریقے سے سفر کر رہے ہیں

مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 5 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں مختلف علاقوں میں پولیس اور ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلوں کے دوران 4 زخمیوں سمیت مجموعی طور پر 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق سپر مارکیٹ تھانے کی حدود .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

حکومت کا عازمین حج کے لیے بڑے ریلیف کا اعلان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے عازمین حج کے لیے بڑے ریلیف کا اعلان کیا ہے، اب ملک بھر کے 10 حاجی کیمپوں میں تربیت، ویکسی نیشن اور سفری دستاویزات کی فراہمی سمیت تمام امور ایک ہی دن میں مکمل کیے جائیں گے۔ اس فیصلے کا مقصد عازمین کے سفری اخراجات اور وقت کی بچت کرنا ہے جس سے مجموعی طور پر ایک لاکھ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

پنجاب حکومت کا 17 اضلاع میں فری ٹرانسپورٹ چلانے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں پنجاب میں ٹرانسپورٹ کرائے پر آئل پرائس کے اثرات کی رپورٹ پیش کی گئی

اجلاس میں مزید عوامی ریلیف کیلئے نئے احکامات جاری کئے گئے، گوجرانوالہ، ملتان اور سیالکوٹ میں فری ٹرانسپورٹ پائلٹ کی منظوری دی گئی

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب حکومت نے صوبے کے 17 اضلاع میں فری ٹرانسپورٹ چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں پنجاب میں ٹرانسپورٹ کرائے پر آئل پرائس کے اثرات کی رپورٹ پیش کی گئی، اجلاس میں مزید عوامی ریلیف کیلئے نئے احکامات جاری کئے گئے۔ اجلاس میں 17 اضلاع میں فری ٹرانسپورٹ چلانے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

کراچی: شہریوں کو قتل اور زخمی کرنے والے ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) گلشن معمار پولیس نے شہریوں کو قتل اور زخمی کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق ملزمان 7 مارچ 2026 کو واردات کے دوران مزاحمت پر اندھا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

ایڈمٹ کارڈز کے حصول میں درپیش رکاوٹیں ختم ہوگئی

85 فیصد امیدواروں کے ایڈمٹ کارڈز ڈاؤن لوڈ ہوگئے' ایم اے جعفری

کراچی (ویب ڈیسک) میٹرک امتحانات کے لئے پورٹل کی صورتحال بہتر ہونے سے ایڈمٹ کارڈز کے حصول میں درپیش رکاوٹیں ختم ہوگئی اور اب تک 85 فیصد امیدواروں کے ایڈمٹ کارڈز ڈاؤن لوڈ ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق میٹرک بورڈ کراچی کے تحت سالانہ امتحانات کی تاریخ میں توسیع کے بعد ایڈمٹ کارڈز کے حصول کا عمل تیزی سے مکمل ہو رہا ہے۔ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق اب تک 85 فیصد امیدواروں کے ایڈمٹ کارڈز ڈاؤن لوڈ کیے جا چکے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

نادرن بائی پاس عوام دوست منڈی روشن، پہلا سودا ہوگیا

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی نادرن بائی پاس عوام دوست منڈی میں سرگرمیاں تیز ہو چکی ہیں، دیکھتے ہی دیکھتے قربانی کے جانور کا پہلا سودا بھی ہوگیا، بیوپاریوں کے ساتھ شہری بھی خوش نظر آ رہے ہیں، منچلوں نے رات دن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

سرکاری افسران کے اثاثے دسمبر تک پبلک کر دینگے

آئی ایم ایف کو یقین دہانی

بینکوں کو سرکاری افسران کے اثاثوں تک رسائی دی جائے گی، کرپشن کم کرنے کے لیے 10 بڑے محکموں کی نشاندہی کا فیصلہ

حکومت ہر 6 ماہ بعد اصلاحات کی رپورٹ جاری کرے گی، نیب کو مزید خود مختاری دی جائے گی، آئی ایم ایف کو یقین دہانی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے آئی ایم ایف کو اینٹی کرپشن اصلاحات تیز کرنے کی یقین دہانی کرادی، سرکاری افسران کے اثاثے دسمبر 2026 تک پبلک کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، بینکوں کو سرکاری افسران کے اثاثوں تک رسائی دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اعلیٰ سرکاری افسران کے اثاثے ڈیجیٹل طریقے سے جمع کرنے کا نظام بنایا جائے گا، لوٹی ہوئی دولت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

اورنگی ٹاؤن گیس دھماکہ کیس: ایس ایس جی سی کو ہرجانہ ادا کرنیکا حکم

کراچی (ویب ڈیسک) عدالت نے سوئی سدرن گیس کمپنی کو غفلت کا مرتکب قرار دیتے ہوئے 3 کروڑ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دے دیا۔ سینئر سول جج غربی کی عدالت میں اورنگی ٹاؤن ملت کالونی میں 2022 میں گیس لائن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

پی اے اے نے کراچی ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ تیار کرلیا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی (پی اے اے) نے کراچی ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ تیار کر لیا۔ کراچی ایئرپورٹ کے توسیعی منصوبے کے تحت بین الاقوامی اور ڈومیسٹک ٹرمینل بلڈنگ کی توسیع ہوگی۔ ایئرپورٹ میں توسیع آئندہ 50 سال کے لیے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

ملتان: تاجروں نے ضروری اشیا اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کیخلاف احتجاجاً شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان کیا

کراچی میں 3 روز میں اندھی گولیاں لگنے سے 9 افراد زخمی

کراچی (ویب ڈیسک) شہر میں جاری اسلحے کے بے دریغ استعمال کا سلسلہ تھم نہ سکا اور 3 روز میں نامعلوم گولیاں لگنے سے 3 خواتین سمیت 9 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں پولیس کے دعووں کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

ماہی گیروں کی رجسٹریشن کے لیے شناختی کارڈ لازمی قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ فشریز محمد علی ملکانی نے کہا ہے کہ ماہی گیروں کی رجسٹریشن اور ان کی شکار والی کشتیوں کو رجسٹر کرنے کے لیے لائسنس لینے والا این آئی سی ہولڈر ہوگا؛ جس کے پاس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

گورنر سندھ نہال ہاشمی کا سعودی انفراسٹرکچر پر حملے کی مذمت

مملکت کی اقتصادی سہولیات کو نشانہ بنانے کا کوئی جواز نہیں ہے، نہال ہاشمی

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ، سید نہال ہاشمی نے آج سعودی عرب کے اندر تنصیبات پر مبینہ حملے کی شدید مذمت کی، اور اس بات پر زور دیا کہ مملکت کی اقتصادی سہولیات کو نشانہ بنانے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایک مالی طور پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

پاک سوزوکی نے 920 کلوواٹ سولر پاور منصوبے کا افتتاح کردیا

کراچی (ویب ڈیسک) پاک سوزوکی موٹر کمپنی لمیٹڈ نے اپنے پیداواری یونٹ میں 100 مکعب میٹر بائیو گیس پلانٹ اور 920 کلوواٹ سولر پاور منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا، جسے کمپنی کی کاربن نیوٹرل پالیسی کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

کے الیکٹرک کی کراچی والوں سے اضافی بل وصول کرنے کی تیاری

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں بجلی کے صارفین کے لیے ایک اور مالی بحث پیدا ہوگئی ہے کیونکہ ملک کی سب سے بڑی بجلی فراہم کرنے والی کمپنی کے الیکٹرک نے اینڈ آف ٹرم ایڈجسٹمنٹس کی درخواست دائر کی ہے جس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

سولر انرجی پر جانا بہتر ہے لیکن ہاتھ بندھے ہوئے ہیں

خواجہ آصف

ن لیگ، پی پی پی کے آئی پی پیز سے کیے گئے معاہدوں کے باعث پابند ہیں، سولر ٹیکس نفاذ کیخلاف توجہ دلاؤ نوٹس پر حکومتی مقف

بہتر یہی ہے کہ سولر پر جایا جائے، تاہم کیپسٹی ادائیگیاں کرنا پڑتی ہیں جس سے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، وزیر دفاع خواجہ آصف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سولر صارفین اور بجلی کے دیگر صارفین کے درمیان نازک توازن برقرار رکھنا پڑ رہا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ سولر پر جایا جائے، کیا کریں کیپسٹی ادائیگیاں کرنا پڑتی ہیں ہاتھ بندھے ہوئے ہیں۔ قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی صدارت میں جاری رہا جس میں سولر پر ٹیکس کے نفاذ کے خلاف توجہ دلاؤ نوٹس پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

ہٹری بائی پاس پر کسان کھیتوں میں انتھک محنت کرر ہے ہیں

سعودی عرب پر ایرانی حملے قابل قبول نہیں، عطا تارڑ

ریاض کو نشانہ بنانا پوری دنیا کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہورہے ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان نے سعودی عرب پر ایران کی جانب سے کیے گئے حالیہ حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے کشیدگی مزید بڑھے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے اے آر وائی نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی معاشی تنصیبات پر ایرانی حملوں کا کوئی جواز نہیں، معاشی طور پر مضبوط ریاض .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

حکومت کی بدترین ریاستی فسطائیت اور غنڈہ گردی عروج پر ہے، جنید اکبر خان

پشاور (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر خان کا کہنا ہے حکومت کی بدترین ریاستی فسطائیت اور ننگی غنڈہ گردی عروج پر ہے! انورین آپا، عظمیٰ آپا اور علیمہ آپا جیسی نہتی خواتین کو محصور کر رکھا ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا بربریت کی انتہا تو یہ ہے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

لکی مروت، پولیس وین کے قریب دھماکا، 3 اہلکار، راہگیر زخمی

دھماکا خیز مواد ایک موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا جو پولیس وین کے قریب کھڑی تھی

لکی مروت (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کے علاقے شہباز خیل اڈہ پر پولیس وین کے قریب دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) سمیت 3 پولیس اہلکار اور ایک راہگیر زخمی ہوگیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق تھانہ شہباز خیل کی پولیس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

کراچی: ایم اے جناح روڈ پر بہتا ہوا سیوریج کا پانی افراتفری کا سبب بن گیا

سونا سستا ہوگیا، عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم

سونے کی قیمتوں کے برعکس بین الاقوامی اور مقامی مارکیٹس میں چاندی کی قیمتیں مستحکم رہیں

کراچی (ویب ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہوگئی۔ مشرق وسطیٰ میں جنگ کے آغاز کے بعد سے توانائی کی درآمدی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ یورو سمیت دیگر کرنسیوں کے مقابلے میں ڈالر مضبوط ہونے، خام تیل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے اثرات عالمی بلین مارکیٹوں پر مرتب ہورہے ہیں۔ بیشتر ممالک کے سینٹرل بینکس نے سونے کی خریداری روک دی ہے جبکہ عمومی سرمایہ کار خلیج جنگ طول اختیار کرنے سے سونے کی آف لوڈنگ کو ترجیح دے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

حیدرآباد: تمام ٹرک ڈمپر ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر رئیس امیر علی جتوئی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سیسی ملازمین وافسران کی بائیومیٹرک حاضری یقینی بنائی جائے، سعید غنی

تمام ادویات ودیگر میڈیکل آلات کی خریداری کا نظام صاف وشفاف بنایا جائے، وزیر محنت سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت و افرادی قوت و سماجی تحفظ سندھ و چیئرمین گورننگ باڈی سندھ ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (سیسی) سعید غنی نے کہا ہے کہ سیسی کے زیر انتظام چلنے والے تمام اداروں میں تمام ملازمین وافسران کی بائیومیٹرک حاضری کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے اور تمام ادویات و دیگر میڈیکل آلات کی خریداری کا نظام صاف و شفاف بنایا جائے اور اوپن مارکیٹ سے ادویات کی خریداری کو فوری طور پر بند کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

بنگلا دیشی حکومت نے سابق کرکٹر تمیم اقبال کو بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کا نیا صدر مقرر کر دیا

ڈھاکا (ویب ڈیسک) بنگلا دیشی حکومت نے سابق کرکٹر تمیم اقبال کو بنگلا دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کا نیا صدر مقرر کر دیا۔ بنگلا دیشی حکومت نے منگل کو امین الاسلام کی قیادت میں بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تحلیل کرنے کے بعد تمیم اقبال کو بی سی بی کا نیا صدر مقرر کیا۔ یہ فیصلہ 5 رکنی تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات کے بعد کیا گیا، جس نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18